سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت ®

جلد نمبر 72 | AUGUST 2019 | شمارہ نمبر 05

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 12000 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 12000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 14000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 15000 روپے

قیمت 100 روپے

سالانہ چندہ 1000 روپے

لائف ممبرشپ 15000 روپے *For 12 Years

لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

چیف ایڈیٹر — شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

گروپ ایڈیٹر — شہزادہ سید محمد علی زنجانی

آئینہ قسمت — زنجانی جنتری — بارہ علامہ جنتری — البیرونی تقویم

ایڈیٹر — شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

سب ایڈیٹر — شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2

بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد ہن مارکیٹ لاہور 54660

Ph: 042-35752277 - 35872277

Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی

نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ آرام باغ روڈ، کراچی -74200

Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی راولپنڈی

A-19، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب / آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ

PH: 051-8732742

051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

غلام مصطفیٰ نعیمی

جاری خدا کا نام ہوا زبان سے
آواز آئی بندے میرے لامکاں سے
کیوں نہ رہوں میں ذات خدا سے امیدوار
لاتقنطو کا امر ہے آیا قرآن سے
رونق دوبالا ہو گئی حرم جلیل کی
لات و منات نکلے خدا کے مکان سے
بندوں پہ رحم کرتے رہو تم زمین پر
رحمت خدا کی آئے گی پھر آسمان سے
سرکار دو جہاں بھی تھے مانگتے پناہ
ستر دفعہ ہر روز ہی رب جہان سے
تیرے لئے ہیں خوبیاں ہر شان آن بان
محفوظ رکھنا یا خدا ہر امتحان سے

نعت

خواجہ عبدالمنان راز

دیارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تیری فضا ہے کتنی نورانی!!
مہ و انجم سے دلکش ہے ترے ذروں کی تابانی
سلام اپر درود ان پر، درود ان پر سلام ان پر
کہ جن کے فیض نے بخشا ہے مجھ کو نورِ ایمانی
من از ایں بحث می ترسم کہ او خاکیست یا نوری
مقامِ مصطفیٰ، واعظ! نہ من دانم نہ تو دانی!
تبسم لب پہ ہوتا تھا کہ تارے جھلملاتے تھے
زباں پر بات ہوتی تھی کہ ہوتی تھی گل افشانی
ہے اسوہ اور سیرت ان کی تفسیرِ کلام اللہ
بجز اس کے نہیں اے راز ممکن کچھ ثنا خوانی
خدایا کر دے روشن میرا سینہ نورِ ایماں سے
کہ ان کے روبرو جا کر نہ ہو مجھ کو پشیمانی!

منقبت

سید نصیر الدین نصیر

تڑپ اٹھتا ہے دل، لفظوں میں دہرائی نہیں جاتی
زباں پر کربلا کی داستاں لائی نہیں جاتی
حسین ابنِ علی کے غم میں ہوں دنیا سے بیگانہ
ہجوم خلق میں بھی میری تنہائی نہیں جاتی
اداسی چھا رہی ہے روح پر شام غریباں کی
طبیعت ہے کہ بہلانے سے بہلائی نہیں جاتی
حُسینیت کو پانا ہے تو ٹکّر لے یزیدوں سے
یہ وہ منزل ہے جو لفظوں میں سمجھائی نہیں جاتی
وہ جن چہروں کو زینت غازۂ خاکِ نجف بخشے
دمِ آخر بھی ان چہروں کی زیبائی نہیں جاتی
نصیرؔ آخر عداوت کے بھی کچھ آداب ہوتے ہیں
کسی بیمار کو زنجیر پہنائی نہیں جاتی

بتاریخ کیم اگست 2019ء اسلام آباد بوقت 08 بجکر 12 منٹ صبح

بتاریخ 15 اگست 2019ء اسلام آباد بوقت 17 بجکر 29 منٹ

قارئین کو عید الاضحیٰ، عید الغدیر، عید مباہلہ اور پاکستان کا 72 واں یوم آزادی مبارک ہو۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشست پاکستانی قوم سے مطالبہ کررہی ہے کہ ہر خوشی کے موقع پر وطن عزیز پاکستان کے لئے ضرور دُعائیں کریں۔

زائچہ پاکستان میں 18 اگست تا 18 اکتوبر دور زہرہ:۔ ہر دو جنمان کا ستارہ زہرہ چھٹے عروج یافتہ رہیگا۔ ملکی اعلیٰ سروسز کے اداروں بری، بحری افواج، بیوروکریٹس انٹرپول، ایف آئی اے، آئی بی اداروں کی صلاحیتوں کو مزید اعلیٰ و بہتر کرنے کیلئے قابل ترین پیشہ وارانہ سربراہان کا تقرر و تبادلہ ملکی تعمیر و ترقی کا باعث بنے، حکومتی وعدے ایک کروڑ ملازمتیں فراہم کرنے کے جاری منصوبے میں فی زمانہ جدید پروفیشنلز ماہرین کی مشاورت پلاننگ سے روزگار کے نئے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔ اندرون ملک نئی صنعتیں کارخانے لگیں۔ سوتی، ریشمی، ریان ہوزری کے سامان کے کارخانے ترقی پائیں۔ کیمیکل، بناؤ سنگھار فرنیچر تعمیرات اور پھلوں پھولوں کی کاشت کاری میں جدید سائنسی اصولوں سے فائدہ اُٹھایا جائے۔ اندرون ملک شادیوں کی شرح میں حوصلہ افزائی اور پاکستانی فلموں کو بین الاقوامی مارکیٹ میں عزت پذیرائی شہرت ملے۔ فلم کی کئی اعلیٰ شخصیات کو انکی پرائیڈ آف پرفارمنس پرایوارڈ سے نوازا جائے۔ اور پرانے کارخانے بھی ورکنگ پوزیشن میں آئیں عام فلاح و بہبود کے کاموں میں تیزی آئے بلدیاتی سیاسی سماجی شخصیات مشترکہ طور سے عام عوام کی خدمت کے لئے اپنی وسیع تر خدمات پیش کریں حکومت کی جانب سے منصفانہ جائز اور فلاحی قوانین کا اجراء اور اطلاق عوامی سہولیات میں اضافہ کا باعث بنے عوامی بے چینی میں کچھ کمی لائے ٹریفک قوانین کو پورے ملک میں سختی سے رائج کیا جائے۔

زائچہ نیو مون:۔ طالع برج اسد کا زائچہ قران شمس و قمر بارہویں نحس گھر ہمراہ ستارہ زہرہ پڑوسی ممالک سرحدوں کی تازہ عسکری صورتحال اور حکمرانوں کا مالک جبکہ مریخ مذہب قانون اور اپوزیشن کا مالک ہو کر بھی بارہویں نیو مون کا طلوع سیاسی نجوم میں بارہویں گھر ہونے سے اندرون ملک عوامی اور سیاسی حالات کو بُری طرح سے متاثر کرتا ہے۔ ملک میں جرائم کی شرح اچانک بڑھ جاتی ہے۔ عام عوام کی زندگی رہن سہن اخلاق متاثر ہو قید خانوں، ہسپتالوں کی خدمات میں ملوث سٹاف میں بے چینی، گڑبڑ، غیر ذمہ دارانہ فرائض سے نقصانات اور اعلیٰ افسران کے اسکینڈل منظر عام پر آئیں ان اداروں میں ہڑتال ہنگامے بلوے جیسی سازشیں ہوں۔ اندرون ملک ہاؤسز اور مزدوروں میں بے چینی اور نئے قوانین متعارف کرائے جائیں۔ زحل کیتو پانچویں حالت قران خواتین اور بچوں میں تکالیف مصائب جیسی ناآسودگی ڈپریشن فلم اور شوبزنس کے حلقوں میں رکاوٹ بے چینی سیاسی افواہیں، اغواء برائے تاوان، معاشرتی برائیوں میں اضافہ ہو، بازار حصص یا سٹاک شیئرز کے کاروبار میں زبردست اُتار چڑھاؤ گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر عطارد اور راہو مقابل زحل کیتو ہونے سے قانون سازی میں حکومت کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے ممبران اسمبلی کے مابین نااتفاقی، تلخ اور سخت بحث و مباحثہ آرائی بل پاس کرانے میں حکومت کو مشکلات

باقی صفحہ نمبر 6 پر

حج ممنوع ہونے سے پہلے حج کرلو

حجاج مقدس المعروف سعودیہ عربیہ میں 39 ممالک کی افواج کا اجتماع کا راز؟

اسرائیل سعودی عربیہ کے بڑھتے ہوئے تعلقات نے ایک دوسرے کے ممالک میں سفارت خانے کھولے جانے اور فضائی رابطے بحال ہونے پر ایک عام مسلمان کے ذہن میں یہ سوال آتا ہے کہ سعودیہ میں اتنا بڑا لاؤ لشکر اسلحہ کے انبار پھر کس مقصد کے لئے جمع کئے گئے ہیں۔ پڑوسی ملک یمن سعودی کے شر سے محفوظ نہیں ہے۔ ایران ان کا اگلا ہدف ہوسکتا ہے۔ خطے میں جنگ شروع ہوئی تو یقیناً یہ تیسری عالمگیر جنگ ہوگی۔ 1400 سال پہلے مولا صادقؑ کا فرمان کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ کبھی دُنیا کے حالات ایسے بھی ہوسکتے ہیں۔ آئینہ قسمت میں شائع شدہ ماضی کی ایک حالات حاضرہ کے مطابق تحریر دوبارہ قارئین کی نذر ہے۔ (سیّد انتظار حسین زنجانی)

علم ومعرفت کے آسمان پر چمکنے والی ایک عظیم ترین ہستی سید الانبیاءؐ کے علم کا حقیقی وارث اور اقلیم امامت کا چھٹا تاجدار...... حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ہے کہ جس نے صحرائے عرب میں علم وآگہی اور ذوق وعرفان کی اُس وقت آبیاری کی جب آج کا نام نہاد ترقی یافتہ یورپ جہالت وگمراہی کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں ڈوبا ہوا تھا۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کے علمی مرتبے اور بنی نوع انسان کو حقیقی انسان اور مہذب انسان بنانے کیلئے اُن کے کارہائے نمایاں کی وضاحت کیلئے ایک دفتر درکار ہے۔ تعارفی طور پر میں صرف یہ کہہ سکتا ہوں کہ اہل بیتؑ محمدؐ کا وہ سپوت ہے کہ جس نے تاریخ انسانی کی سب سے پہلی یونیورسٹی کی مدینہ میں بنیاد رکھی اور اس یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہونے والے سکالرز اپنے اپنے شعبہ علم کے ستون سمجھے گئے ہیں۔ امام الکیمیا جابر بن حیان کوفی سے دنیا کا کون سا سائنس دان ہے جو واقف نہ ہو؟ یہ امام الکیمیا' امام جعفر صادق علیہ السلام کے مدرسہ کا فارغ التحصیل قابل فخر شاگرد ہے۔ اس عظیم یونیورسٹی سے علم کی پیاس بجھانے والوں میں امام ابو حنیفہؒ۔ امام مالکؒ۔ یحییٰ بن سعیدؒ انصاری۔ سفیان ثوریؒ بہت مشہور ہوئے اور اپنی پوری زندگی امام جعفر صادق علیہ السلام کی علمیت اور مرتبہ کے معترف رہے۔ امامؑ کے تعارف میں کسی اور طرف نکل رہا ہوں واپس اپنے موضوع کی جانب آتے ہوئے عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آج سے صدیوں قبل اس عظیم المرتبت ہستی نے بھی موجودہ صورت حال کے بارے بڑی تفصیل سے اظہار خیال فرمایا تھا یہ علیحدہ بات ہے کہ اُن کا علمی خزانہ ہماری نظروں سے دانستہ اوجھل رکھا گیا۔ کتب تواریخ میں واقعہ درج ہے کہ ایک دفعہ کوفہ سے ایک وفد امام علیہ السلام کی قدم بوسی کیلئے مدینہ آیا۔ آپ علیہ السلام نے دوران گفتگو سرزمین عراق کے بارے میں پیش گوئی فرمائی ملاحظہ ہو۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا:

"**حج ممنوع ہونے سے پہلے حج کرلو**...... اُس وقت سے پہلے حج کرلو جب صحرا میں جانے پر پابندی لگ جائے۔ نخل اور دریاؤں کے مابین سرزمین عراق کی مسجد گرائے جانے سے قبل حج کرلو۔ مقام زوراء کے اُس درخت کھجور کے کٹنے سے پہلے حج کرلو جس سے جناب مریم کو ولادت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد بے موسم کھجوریں ملی تھیں۔ یہ وقت ہوگا جب حج پر پابندی لگ جائے گی۔ درختوں پر پھل نہیں لگیں گے۔ نرخوں میں گرانی کی وجہ سے قتل عام ہوگا۔ ہر طرف قحط ہوگا۔ حکمران ظالم ہونگے۔ ایک طرف مصائب ہونگے دوسری طرف بغاوتیں۔ بھوک ہوگی اور فتنے ہونگے۔"

اے اہلِ عراق! جب خراسان کی طرف سے جھنڈے آئیں گے تمہارے لئے بہت برا وقت ہوگا۔

اے اہلِ عراق! جب اہل رے (ایران کا پرانا نام ہے) کا حملہ ہوگا تم ذلیل ہو جاؤ گے۔ ☆ اے اہلِ عراق! شط العرب تمہیں لے ڈوبے گی۔

جب امامؑ یہ گفتگو فرما رہے تھے تو سب حاضرین حیرانی و پریشانی کے عالم میں بغور یہ باتیں سن رہے تھے۔ جب امام علیہ السلام نے ذرا توقف فرمایا تو امام علیہ السلام کے ایک سدیر نامی صحابی نے سوال کیا مولا! اہلِ عراق پر حملہ کرنے والے اور سرزمین عراق اور عراق کے باشندوں کی یہ حالت کر دینے والے کون لوگ ہونگے۔ امام علیہ السلام نے وضاحت فرمائی:

''اے سدیر! اُن کے کان چوہوں کی طرح نوکیلے ہونگے۔ اُن کی وردیاں زرد ہونگی۔ یہ لوگ لوہے میں ڈھکے ہونگے۔ اُن کی زبان جنوں جیسی ہوگی۔ آنکھیں چھوٹی ہونگی سب مدہوش ہونگے۔ اُن لوگوں کے شر سے اللہ کی پناہ۔ ان سفاک لوگوں کے ہاتھوں سے اللہ کی بے گناہ مخلوق بے دردی سے قتل ہوگی۔ اُن کی یہی قتل و غارت اور ظلم و بربریت ہمارے قائم علیہ السلام کے ظہور کا سبب بنے گا۔''

اے کائنات کے بے مثل خالق! ہم تیری بارگاہ میں دست بدعا ہیں کہ ہمارے **زمانہ کے امام** علیہ السلام **کے ظہور میں تعجیل فرما**...... بہت ظلم ہو چکا، بہت سر کٹ چکے۔ آسمانِ بے پایاں نے انسانی تاریخ کے مظالم کی آخیر دیکھ لی ہے۔ ہمیں دیدار کرا اُس نجات دہندہ کا کہ جس نے کرۂ ارض کو سکون، امن اور خوشی و انبساط سے بھر دینا ہے۔ ''یا قائم آل محمد ﷺ ادرکنی''

بقیہ عالمی وسیاسی پیشگوئیاں اگست 2019ء

سبھی سیاسی پارٹیوں کے ناراض ارکان ملکر کوئی پریشر گروپ بنا سکتے ہیں۔

زائچہ فُل مون:۔ طالع پوری قوم دوسرے ملکی معیشت کا حاکم ستارہ بارہویں نحس گھر ہمراہ کیتو سے حالت قران نہایت بُرے اثرات کا حامل حکومت کے خلاف منظم طور پر جاری تحریکوں میں شدت آئے زحل کی یہاں موجودگی 9,6,2 ویں گھر کو بُری طرح سے متاثر کر رہا ہے۔ ملکی معیشت کے حالات مزید کمزور، مہنگائی میں اضافہ، عوامی قوت خرید بُری طرح متاثر ہو گویا ایک حد تک معیشت کا پہیہ رک جائے ملکی تعمیراتی اداروں کو فنڈز کی کمی کے سبب جاری ترقیاتی منصوبوں میں سست روی حکومت کی بدنامی اور اس کے خلاف سازشوں کے جال بننے شروع ہو جائیں۔ سیاستداں حکومت کے خلاف محاذ بنا کر حکومت کی کھل کر اسمبلی اور اسمبلی کے باہر سڑکوں پر میڈیا ہر جگہ بھرپور مخالفت کریں خفیہ اتحاد اور خفیہ طاقتیں بھی حکومت کے خلاف اُٹھ کھڑی ہوں سیاسی نجوم میں زحل کی یہ بدنشست حکومت کو کافی نقصان پہنچائے نحس اکبر ستارہ زحل کے زائچہ فل مون کے بداثرات جبکہ شمس آٹھویں فعل منحوس گھر کا حاکم فل مون برج جدی میں وبال یافتہ چھٹے بارہویں راہو کیتو ملکی عام عوام و سیاسی معاملات سحر زدہ ہونے سے حکومت کو ختم اور اس کا تختہ اُلٹنے کے لئے آسمانی کونسل پر ستارے نحوست دے رہیں ہیں۔ جولائی میں لگنے والے سورج گرہن کے اثرات 03 اگست تک اور 17 جولائی چاند گرہن کے اثرات 17 اگست تک نحوست دے سکتے ہیں۔ عید الاضحیٰ اور یوم آزادی سالگرہ کا مہینہ 2019ء ایک اہم سیاسی مہینہ دکھائی دیتا ہے۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 06 اگست 20 بجکر 31 منٹ، خاتمہ 09 اگست 01 بجکر 34 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

پاکستان میں جمہوری مارشل لاء لگ چکا ہے؟

سابق وزیراعظم نواز شریف کو بتایا تھا کہ پاکستان کا زائچہ جمہوری نہیں بلکہ عسکری ہے۔ (منجم شاہ زنجانی)

پاکستانی قوم نے کیا مقدر پایا ہے کہ 72 سالوں میں جمہوری ادوار کے ساتھ پانچ مارشل لاء بھی اس قوم کے مقدر میں آچکے ہیں۔ تاریخ بتاتی ہے کہ ہر جمہوری حکمران ڈکٹیٹر اور ہر ڈکٹیٹر جمہوری حکمران بننے کی کوشش کرتے کرتے اپنا مقدر میں لکھا اقتدار پورا کر جاتا ہے۔ فیلڈ مارشل صدر محمد ایوب خان نے مارشل لاء لگا کر بی ڈی ممبر بلدیاتی الیکشن کرائے صدر محمد یحییٰ خان نشہ اور اقتدار کے نشہ میں اپنا دور پورا کر کے آدھا ملک کٹوا گئے مقبول عوامی جمہوری رہنما ذوالفقار علی بھٹو پہلے سول مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بنے صدارت کے عہدہ کے بعد پھر انہوں نے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالا ان کے دور میں دلائی کیمپ مشہور ہوا جس میں اپنے مخالفین کو سزا دینے کے لئے رکھا جاتا تھا۔ اپنی ذاتی فورس PSF بنائی صدر ضیاء الحق نے مارشل لاء لگایا تو مجلس شوریٰ بنا کر امیر المومنین بننے کی ناکام عوامی جمہوری کوشش کی عوامی سابق وزیراعظم محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کے دور میں NAB نے جو سیاسی مقدمات بنائے۔

اس میں سابق وزیراعظم نواز شریف کے والد گرامی میاں شریف صاحب تک کو نہیں بخشا گیا۔ 22 کروڑ عوام میں خوش قسمت ترین انسان میاں محمد نواز شریف تیسری بار وزیراعظم پاکستان بنے ہر دور میں انہوں نے اپنے اپنے وقت کے آرمی چیف سے ہی محاذ آرائی شروع کر دی۔ بالآخر جنرل مشرف نے ان کا تختہ الٹ دیا اور اب کی بار جوڈیشل مارشل لاء انہیں لے ڈوبا۔ ہماری موجودہ وزیراعظم محمد عمران خان نیازی نے 18 اگست 2018ء صبح 10 بجکر 24 منٹ اسلام آباد میں حلف اُٹھایا۔ طالع برج میزان ایک درجہ 43 دقیقہ تھا طالع کا مالک زہرہ اپنے گھر سے بارہویں نحس گھر میں نہ صرف بلکہ زائچہ میں بدترین کمزور پوزیشن ہبوط یافتہ تھا علم نجوم میں کسی بھی زائچہ کے 12,8,6 گھر نہایت منحوس خیال کئے جاتے ہیں۔ حسن اتفاق سے زائچہ حلف اور عمران خان صاحب کا ذاتی طالع پیدائش دونوں جنمان ہی برج میزان بن گئے۔ لہٰذا مشترکہ زائچوں میں بدستور مشترکہ نحوست جاری تھی۔ AQ.tv کے پلیٹ فارم پر عمران خان صاحب اور انکی ٹیم کو مشورہ دیا گیا تھا کہ وہ 2 ستمبر 2018ء تک حلف نہ لیں جب تک زہرہ طالع میں اپنے گھر کا عروج یافتہ نہ ہو جائے۔ اور اگر 18 اگست 2018ء کو ہی حلف لینا ضروری ہے تو پھر ایک بار دوبارہ اچھے وقت میں حلف لیں۔

ہماری علمی بات کو کوئی اہمیت نہ دی گئی۔ نحس وقت میں اُٹھائے گئے حلف کے بداثرات آج پوری قوم کے سامنے ہیں۔ عمران خان کی حکومت نے جلد بازی

میں کئی فیصلے کئے اور پھر اسے واپس لینا پڑے سیاسی مخالفین نے آپکا نام یوٹرن رکھ دیا۔ سیاسی نجوم میں بارہواں گھر خفیہ دشمنوں خفیہ تحریکوں جاسوسی سراغرسانی متعلقہ محکمہ جات کی فضول خرچی مخالفین اہم نقصانات سازشیوں حفیہ اور مخفی خطرات کے ساتھ ساتھ اخراجات مہنگائی اور حکمران کی منفی ڈکٹیٹر سوچ سے بھی اس کا تعلق ہے۔ بوقت حلف مہادشا مشتری میں انتردشا قمر 18 اگست 2018ء تا 16 مئی 2019ء جاری رہی قمر دسویں اقتدار کا حاکم ہوکر طالع میں 29 درجہ طلوع تھا جسے آسمانی کونسل پر چاند 14 دن عروج اور پھر 15 تا 16 دن زوال پذیر رہتا ہے۔ عمران حکومت کا یہ دور نہایت مدو جزر والا رہا وزیر اطلاعات کی تبدیلی اور انکی جگہ نان الیکٹڈ و جناب حفیظ شیخ اور فردوس عاشق اعوان کو لایا گیا۔ زائچہ حلف میں مہادشا مشتری میں انتردشا ستارہ مریخ کا دور 17 مئی 2019ء تا 22 اپریل 2020ء کی ابتداء شروع ہوئی مریخ زائچہ حلف میں دوسرے ملکی معیشت اور ساتویں خارجہ تعلقات کا حاکم ہوکر زائچہ کے چوتھے گھر میں شرف یافتہ نہایت طاقتور بیٹھ کر رچا کہ یوگ بنا رہا ہے۔

مریخ رجعت یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ زائچہ میں راہو کیتو سے بھی متاثر ہے۔ ستارہ مریخ آسمانی کونسل میں آسمانی افواج کا کمانڈر انچیف ہے۔ اس دور کے شروع ہوتے ہی ملک میں جمہوری مارشل لاء کے دور کا آغاز ہو چکا ہے۔ ظالمانہ بجٹ بنا کر غریب عوام پر مہنگائی کا سونامی بم گرا دیا گیا ہے۔ بجلی، گیس، پٹرول اور ضروریات زندگی کی ہر شے پر ٹیکس لگا دیا گیا ہے کہ اندرون خانہ رہنے والی خواتین کی گھریلو کچن بجٹ پر چیخیں نکل آئیں ہیں ٹیکس نیٹ ورک کا دائرہ کار بڑھانے کے لئے جس انداز سے حکومت کام کر رہی ہے پورے ملک میں خوف کا عالم ہے۔ کرپشن زدہ لوگوں پر مقدمات در مقدمات کا سلسلہ جاری ہے۔ مگر وصولی کا کچھ پتہ نہیں حکومتی خزانہ پھر بھی خالی کا خالی ہے۔ ملکی قرضوں پر بوجھ ڈالر 105 سے 160 روپے تک چلے جانے سے کتنا بڑھ چکا ہے۔ ماہرین معیشت اور اپوزیشن لیڈر اکثر بتاتے رہتے ہیں۔ عمران حکومت کے آتے ہی صحافتی برادری مالی مشکلات کا شکار ہوئی اور اطلاعات کے مطابق کئی اخبارات بند ہو چکے ہیں۔ جاری اخبارات نے اپنا سٹاف کم کر دیا ہے۔

اب تو میڈیا ہاؤسز کی سنسر شپ بھی شروع ہو چکی ہے۔ جو سابقہ جنرل مشرف کے آمرانہ دور میں بھی نہ ہوئی۔ عمران حکومت کے جمہوری مارشل لاء دور کی ابتداء سے عوام وخواص عدلیہ اور اب تو صحافتی برادری میں بھی بے چینی کا شکار ہے اور صحافیوں نے تو حکومت کے خلاف تحریک چلانے کا اعلان کر دیا ہے۔ چور کا ہاتھ ضرور کاٹیں مگر حکمران پر لازم ہے کہ پہلے اپنی عوام کو ایسے وسائل مہیا کرے کہ وہ اپنی حلال روزی کما سکے۔ ملکی معیشت کا پہیہ رُک چکا ہے۔ سٹاک ایکسچینج میں لوگوں کے اربوں ڈوب چکے ہیں۔ 18 اگست 2019ء عمران خان کی حکمرانی کا ایک سال مکمل ہو جائے گا۔ کرپشن رُک چکی ہے مگر ملک معاشی تباہی کی طرف تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ ایک لاکھ ملازمتیں دینے 50 لاکھ گھر بنا کر عوام کو دینے کے ابتک صرف خواب ہی ہیں۔ عوام جلد فیصلہ کرلیں گے کہ پرانا پاکستان اچھا تھا یا نیا پاکستان اچھا ہے؟

فرمانِ مولا علیؑ ہے کہ ”عدل کی حکومت قائم رہ سکتی ہے ظلم کی نہیں۔“ ریاست مدینہ کا اعلان کرنے والے کیا اس بات کا جواب دے سکتے ہیں کہ ریاست مدینہ ایسی تھی؟

قدرت کی جانب سے پاکستان اور پاکستانی قوم کا صدقہ 13 اگست بروز منگل ہو جائیگا

از تحریر: شہزادہ سیّد مستور علی زنجانی

سابق وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی صاحب نے منگل کا ناغہ ختم کرنے کا وعدہ فرمایا تھا وعدہ وفا نہ کرنے کے سبب انکی حکومت 20 جون 2017ء بروز منگل ہی کو ختم ہوئی۔ (شاہ زنجانی)

منگل، مریخ، فوج کی پاکستان میں اہمیت (نمبر 9 ستارہ مریخ سے منسوب ہے)

علم نجوم سے معمولی واقفیت رکھنے والے جانتے ہیں کہ منگل کا دن ستارہ مریخ سے منسوب ہے اور مریخ سے افواج پاکستان منسوب ہیں۔ دُنیا میں 219 ملک 57 اسلامی ملکوں میں کہیں بھی حلال شے پر بندش نہیں۔ دُنیا بھر میں مذبحہ خانے، قربانی کے لئے منگل کو (ماسوائے پاکستان) کھلتے ہیں جبکہ پاکستان میں بند رہتے ہیں جس کے بد اثرات زائچہ پاکستان کے تحت پوری پاکستانی قوم پر اور خصوصاً افواج پاکستان پر پڑ رہے ہیں۔ افواج کو ملکی دفاع کے علاوہ بین الاقوامی سیاسی انتظامی ناگہانی اضافی ذمہ داریوں سے واسطہ پڑتا رہتا ہے جبکہ دُنیا میں کہیں (بھی حلال شے کی قربانی کی کسی بھی دن بندش) ایسا نہیں ہے۔ پاکستان میں فوجی حکمرانوں کی اضافی ذمہ داریوں کی تواریخ ملاحظہ فرمائیں۔

(1) مارشل لاء ایوب خان	7 اکتوبر 1958ء	بروز منگل	
(2) مارشل لاء یحییٰ خان	25 مارچ 1969ء	بروز منگل	
(3) سول مارشل لاء ذوالفقار علی بھٹو	21 دسمبر 1971ء	بروز منگل	
(4) مارشل لاء جنرل ضیاء الحق	05 جولائی 1977ء	بروز منگل	
(5) فوجی حکومت جنرل مشرف	12 اکتوبر 1999ء	بروز منگل	

(قارئین دیکھا آپ نے سبھی دن منگل ہی کے ہیں۔ کیا پاکستان میں یہ اتفاق ہے یا نحوست)

2019ء کی ابتداء یکم جنوری بروز منگل سے ہوئی (منگل) ستارہ مریخ آسمانی افواج کے کمانڈر انچیف کا ستارہ ہے۔ پاکستان میں اسکی مثال ہمارے پاک فوج کے سپہ سالار سے ہے۔ 2019ء عسکری لحاظ سے ایک اہم سال ہے۔ اس سبب مارچ 2019ء میں پاک بھارت کشیدگی عروج پر تھی اور یہ کشیدگی سرد جنگ کی صورت میں اب بھی جاری ہے۔

زائچہ پاکستان 15 اگست 1947ء پاکستان کا ستارہ مریخ جبکہ مریخ کا تعلق گوشت سے ہے اور دن اس سے منگل منسوب ہے۔ کیا ہی اچھا ہو اگر حکومت منگل کو ملک کے تمام ذبح خانے کھول دے اور کسی دن ناغہ رکھے بلکہ ناغہ بالکل ختم کر دے تو یہ زیادہ بہتر ہے تاکہ منگل کو خون بہتا رہے اور گوشت بھی استعمال میں آئے جسکے نتیجہ میں سیاروں کی نحس شعاعوں سے پاکستان اور عوام محفوظ رہیں۔ یہ روز روز کی دہشت کا خاتمہ ہو۔ سیاسی نجوم میں ساتواں گھر وزیر اعظم سے منسوب پاکستانی زائچہ (15/14 اگست 1947ء لاہور صفر بجکر ایک منٹ بحساب زریانہ) میں اس کا مالک بھی مریخ ہے اور سیارہ قمر کا تعلق عوام سے ہے۔ اس سیارہ کی زائچہ میں کیفیت ایسی ہے کہ اس نے مریخ کے نحس اثرات میں اضافہ کیا۔ اسی سبب وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو ہو یا بینظیر بھٹو ہو یا نواز شریف جیسے ہیوی مینڈیٹ وزیر اعظم، ہر وزیر اعظم منگل یعنی فوج سے زخم خوردہ ملے گا۔

(1) 90,000 فوجیوں کا بھارتی تسلط میں آنا اور جنگی قیدی بننا۔ 9 کا تعلق مریخ سے ہے۔ (2) جنرل محمد ضیاء الحق سمیت 18 ساتھیوں کا طیارہ کے حادثہ میں جاں بحق ہونا۔ جس کا مفرد 9 بنتا ہے اور فوج کا تعلق بھی مریخ سے ہے۔ (3) بے نظیر حکومت کا دو بار تنزل اور دونوں بار ذلت آمیز زوال کا شکار ہونا۔ خصوصاً منگل کے دن، منگل کا تعلق مریخ سے ہے۔ (4) نواز حکومت کا دونوں بار فوج کی مداخلت سے معزول ہونا اور نشان عبرت بنانے کی کوشش، خصوصاً منگل کے دن، منگل اور فوج کا تعلق مریخ سے ہے۔ منگل کو ذبیحہ پر بندش کی نحوست ملک کو جنگل بنا رہی ہے اور قانون بھی جنگل والے لاگو ہوتے رہے۔ سابق وزیر اعظم نواز شریف کی خدمت میں ذاتی طور سے یہ گذارش کی گئی مگر وہ صرف مسکرا دیئے اگر انہوں نے بات مانی ہوتی تو شائد یہ دن نہ دیکھنا پڑتا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایک ایسے مشورہ کو مان لینا کیوں بار ہے جبکہ ہم اس پر عمل کرنے سے بہت سی بلاؤں اور منفی انقلابات سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

2019ء مختلف قومی اخبارات، زنجانی جنتری اور آئینہ قسمت میں ہر دور حکومت سے اپیل کے انداز میں 33 سال تک مسلسل پیش کیا جس کو نظر انداز کر دیا گیا (اتنا ضرور ہوا کہ اب پوری قوم اس بات سے آگاہ ہو چکی ہے)۔ اس نحوست کی ابتداء ہماری افواج کے 90 ہزار جنگی قیدی بنائے جانے، نصف ملک کٹنے سے شروع ہوئی جو ہمارے ملک اور افواج کو کمزور کرنے کی کوئی سازش ہے۔ اسلامی ممالک میں حلال شے پر بندش اللہ کو پسند نہیں ورنہ امت موسیٰؑ کی طرح امت محمدیؐ پر اللہ تعالیٰ پابندی ضرور لگا دیتا۔

ابھی کسی فرد کو موت کا خوف ہو جائے تو فوراً کالا بکرا ڈھونڈنے نکل جائے گا اور جب بات آتی ہے پوری قوم اور ملت کے فناء ہونے کی تو اسکا کوئی تدارک نہیں ہوتا آخر کیوں؟ منجم و جفار سید انتظار حسین شاہ زنجانی کی علمی تخلیق میں سچائی کے عنصر کو سمجھنے کیلئے ان کی سچی پیش گوئیوں کے چند نمونے درج ذیل ہیں۔ زنجانی جنتری کی بیک پر پڑھ سکتے ہیں۔ **اس سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ جب وہ علم النجوم سے نتائج اخذ کرنے میں اتنی محنت کرتے ہیں تو انکا یہ تنجیمی و روحانی مشورہ بھی یقیناً باعث و خیر و برکت ہوگا۔**

گوشت کی بچت کرنے والا محکمہ جان لے کہ بھیڑ ایک یا دو بچے دیتی ہے۔ اس کے مقابلے میں کتیا 6 تا 9 بچے دیتی ہے۔ کتوں کو نہ تو ذبح کیا جاتا ہے اور نہ ان کا گوشت استعمال کیا جاتا ہے۔ اللہ نے حرام گوشت کی بجائے حلال گوشت میں برکت رکھی ہے۔ اس تجزیہ کی تفصیل یہ ہے کہ زائچہ پاکستان کے تحت ستاروں کی نحس شعاعیں جو مملکت خداداد پاکستان اور عوام پر پڑ رہی ہیں۔ پیدائشی زائچہ میں مریخ دوسرے گھر میں ساتویں اور بارہویں کا مالک ہو کر مقیم ہے اور نحس ہے۔ قمر نے اس کی نحوست میں اضافہ کر دیا ہے۔

منگل کو ذبیحہ پر بندش کی نحوست ملک کو جنگل بنا رہی ہے۔ قانون بھی جنگل والے لاگو ہوتے رہے ہیں۔ عوام بھی مصائب کے ڈنگل کا شکار ہیں اور مزید ہو سکتے ہیں۔ آج کے اقتدار اعلیٰ کے سیاہ و سفید کے مالک نحوستوں کے داغ مٹانے ہیں تو منگل کا گوشت کا ناغہ فوری طور پر ختم کر دیں اور سنت ابراہیمی بحال کر دے۔ اللہ کو تو قربانی پسند ہے۔ اسی سبب پوری دنیا میں ہر سال عید قربان اور ہر روز بکرے ذبح ہوتے ہیں۔ ماسوائے پاکستان میں منگل بدھ کا ناغہ کسی یہود و ہنود سازش کا نتیجہ ہے۔

قدرت کی جانب سے پاکستان اور پاکستانی قوم کا صدقہ عید قربان پر 2019ء کیلئے 13 اگست 2019ء بروز منگل عید کے دوسرے دن منگل ہونے کے سبب ہو جائیگا۔ قربانی کے ساتھ ساتھ یہ پاکستان اور پاکستانی قوم کا بھی روحانی طور سے صدقہ ہی تصور ہوگا۔

پاکستان ہندوستان میں جنگ کے خطرات کب تک؟

از تحریر: سید انتظار حسین شاہ زنجانی

موجودہ وزیراعظم ہند نریندر مودی بھی تشدد کا ایک نیا ہندو جنونی جذبہ لیکر آیا ہے کہ کس طرح سے 25 کروڑ مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں کو یہاں سے نکال باہر کیا جائے ہندوستان میں مودی امریکہ میں صدر ٹرمپ دُنیا بھر میں عالمی تشدد کو اُبھار رہے ہیں آج سعودی عربیہ میں 39 ممالک کی افواج کا اجتماع کیا اسرائیل کیلئے ہے؟ جبکہ عرب ممالک تو اسرائیل سے دوستی کر رہے ہیں۔

جی ہاں! جنگ ضرور ہوگی۔ خواہ وہ محدود پیمانہ پر ہی کیوں نہ ہو۔ آسمانی کونسل کا نقشہ 2019/2020ء سازگار نہیں ہے۔ مگر کیوں؟ کب؟ اور کیسے؟ اس کے لیے ہمیں جغرافیائی تاریخی سیاسی حالات و واقعات تمدن و ثقافت اور مذہبی پس منظر میں جانا ہوگا۔ عالمی نقشہ پر ہندوستان اپنی قدیم عظیم الشان جغرافیائی حیثیت رکھتا تھا اور ہندو مذہب بھی قدیم ترین مذاہب میں سے ایک ہے۔ یہاں پر عظیم ہندو راجہ اشوک **Ashoka** کی حکومت قائم تھی۔ جس میں تمام ہندوستان کے علاوہ افغان اور کچھ علاقے ایران کے بھی شامل تھے۔ دیگر عظیم ہندو حکمران چندر گپت موریہ شیوا جی ہندو پرتھوی راج کے علاوہ رام کرشن کی یہ دھرتی ہندو دھرم والوں کے لیے عظیم جذباتی لگاؤ رکھتی ہے۔ **پوری دنیا میں ہندوستان ہی واحد ملک ہے جو ہندو مذہب والوں کا واحد وطن ہے**۔ یہودی، ہندو، سکھ، عیسائی، بدھ مت، پارسی اور مسلم و دیگر نجانے کتنے مذاہب دنیا میں ایسے ہیں جو قدرت کی حکمت سے بتدریج وجود میں آتے رہے اور اب ان مذاہب کے آگے کئی کئی فرقے بن چکے ہیں۔ ہمیں دیگر مذاہب کے فرقوں کا تو کچھ زیادہ علم نہیں ایک عالمی تحقیق و اندازے کے مطابق دُنیا کی آبادی **7** ارب جبکہ جنات کی آبادی **70** ارب **7** ارب انسان **4200** مذہب و مسالک میں بٹے ہوئے ہیں۔ تاہم اسلام میں **73/72** فرقے یا اس سے بھی زیادہ اب تک وجود میں آچکے ہیں۔ برصغیر میں محمد بن قاسم کی آمد سے ہی بقول قائداعظم یہاں پاکستان نے جنم لے لیا تھا۔ ہندوعزم کے برعکس تمام زمین سورج، چاند، ستارے اللہ نے مسلمانوں (انسان) کے لیے مسخر کردیے ہیں۔ مسلمان ہر جگہ غاصب جگہ کے علاوہ بندگی کا سجدہ کر سکتے ہیں۔ فاتح محمد بن قاسم کے بعد دیگر مسلم حکمرانوں خالد بن ولید، محمود غزنوی، بابر، اکبر اور اورنگ کی فتوحات نے اس خطہ میں مسلمانوں کی آمد سے دوسری بڑی مسلم قوم اس خطہ میں آباد ہوگئی۔ مسلمانوں کا رہن سہن، بود و باش، پوشاک، تاریخ و تمدن، تہذیب، رسم الخط عربی فارسی اور اسی انداز سے شاعری، طعام و قیام کے انداز بہت جداگانہ تھے اور ہیں۔ یہ وہی خطہ عظیم ہے جہاں سکندر نے حملہ کیا اور اسے فتح کیا۔ **عظیم ہندو راجوں کے زوال کے بعد یہاں عظیم مغل بادشاہت قائم ہو گئی، جو ہزاروں سال قائم رہی**۔ جو بالآخر آخری تاجدار مغل بہادر شاہ ظفر کے زوال کے بعد ملکہ برطانیہ کے زیر تسلط دو سو سال رہی۔ ہندوضوائنسٹ **Hindu Zionism** (کٹر ہندو) ہندو قوم کی ذہنیت ہمیشہ یہی رہی کہ خارجی لوگ ہندوستان سے نکل جائیں۔ کیونکہ ہندوستان صرف اور صرف ہندو قوم کا ہے۔ دھرتی کو وہ ماں سمان سمجھتے ہیں اور ان کا نعرہ ''بندے ماترم'' یعنی اپنی دھرتی کے بیٹے ہیں۔ یہ ہندو فلسفہ اشوک کے وزیر **Chanakya** کا ہے۔ موجودہ ہند حکومت بھی اس کے فلسفہ پر کام کر رہی ہے۔ اس کا ثبوت ہندوستانی پاسپورٹ پر تین بنے ہوئے شیر اشوک مملکت کے جاہ و جلال کی علامت ہیں اور **1947**ء میں ہندوستان جھنڈے پر جو رنگ اور چکرا کا نشان ہے۔ یہ بھی عظیم

اشوک مملکت کی نشان دہی کرتا ہے۔ ہندو ضوائن آج بھی اس عظیم مملکت کا خواب دیکھتے ہیں۔ اسی سبب آئے دن اکھنڈت بھارت کے نعرے لگاتے ہیں۔ اشوک ان کا ہیرو ہے۔

چانکیا Chanakya کے سیاسی اصول

1- دشمنوں کو دھمکی دی جائے۔
2- دشمنوں میں غدار لوگوں کو خریدا جائے۔
3- دشمنوں کے خلاف جھوٹا پراپیگنڈا کیا جائے۔
4- دشمنوں پر غلبہ ہونے کے بعد حملہ کیا جائے۔

بھارت نے سابق مشرقی پاکستان میں شیخ مجیب الرحمن سے مل کر سازش کی۔ شیخ مجیب الرحمن کو گرفتار کر کے مغربی پاکستان لایا گیا اور پھر چھوڑ دیا گیا۔ 1965ء تا 1971ء بھارتی سازشیں پاکستان کے خلاف عروج پر تھیں اور آج ہمارے بلوچستان اور صوبہ سرحد میں افغانستان میں قائم 18 انڈین کونسل خانوں کی معرفت تیز ہو رہی ہیں۔ 1965ء اور 1971ء کی جنگیں

Chanakya سیاسی سازشوں کا تسلسل 2019ء اور 2020ء میں پھر عروج پر پہنچ چکا ہے۔ دشمن ملک بھارت پاکستان کو پھر تقسیم کرنے کی سازشیں اور حملہ کرنے کا موقعہ تلاش کر رہا ہے پراپیگنڈانہ کے طور سے نیٹ پر پاکستان کی تقسیم کے نئے نقشے بھی جاری کر دیے گئے ہیں۔ اب بھارت کے ساتھ اسرائیل کے علاوہ امریکہ بہادر بھی ہے۔ U.N.O نے ممبئی حملوں کے بعد ہمارے ہاں جماعت الدعوۃ پر فوراً پابندی لگوا دی جبکہ آئے دن غزہ میں اسرائیلی حملہ سے شہادتیں U.N.O کو نظر نہیں آتیں۔ بھارت کے اندر اقلیتوں پر مسلسل ظلم ہو رہا ہے۔ ہندو نیشنلسٹ R.S.S اور شیوسینا کی سیاسی پارٹی B.J.P وزیر اعظم ہندو مودی اور اس کے ہم خیال ہندو ضوائن اور بال ٹھاکرے جیسے افراد کی حمایت حاصل ہے۔ گجرات (انڈیا) میں دو ہزار مسلمانوں کی شہادت اور 1998ء میں 116 گرجوں (عیسائی عبادت گاہ) پر حملہ ابھی دور کی بات نہیں۔ آج 2019ء میں ہندو ضوائن اور ویسٹرن ضوائن اکٹھے ہو چکے ہیں۔ اس کی ایک بڑی وجہ پاکستان کی ایٹمی سپر پاور ہونا بھی ہے۔ اس کے برعکس فتح مکہ کے بعد دین الٰہی دن بدن پوری دنیا میں پھیلتا چلا گیا۔ کیونکہ یہ اللہ کا پسندیدہ دین ہے۔ ہمارا ایمان ہے کہ نبی آخرالزمان اللہ کے پسندیدہ دین نے ہی پوری دنیا میں پھیلنا ہے۔ اب تک عالمی نقشہ پر 57 اسلامی ممالک موجود ہیں۔ جبکہ ہندوؤں کے ہندوستان کے علاوہ یہودیوں کی مملکت اسرائیل مشرق وسطیٰ 15-5-1948 سے قائم ہے۔ ان دو قوموں میں ایک قدر مشترک بات یہ ہے کہ قصص القران میں ذکر ہے کہ حضرت موسیٰؑ کے کوہ طور پر تورات لانے کی غیر حاضری میں سامری جادوگر سے گائے کا بچھڑا بنا کر قوم بنی اسرائیل کو اس کی پوجا کروا دی۔ جبکہ ہندو قوم بھی گائے کو ماتا سمان جانتی ہے اور اس کی پوجا کرتی ہے۔ گائے مسلمانوں کے لیے حلال ہے اور مسلم دنیا بھر میں گائے کا گوشت کھاتے ہیں۔ جس طرح ہندو قوم سمجھتی ہے کہ ہندوستان صرف اسی کا ہے۔ اسی طرح یہودی (صہیونی) **Jusis Zionist** یہ سمجھتے ہیں کہ خطہ عرب اسرائیل ان کا ہے اور مسلمان یہاں قابض ہیں۔ **اسرائیل گریٹر اسرائیل اور بھارتی اکھنڈ بھارت کا نعرہ لگاتے ہیں۔ دونوں کا**

مشترکہ دشمن عالمی طور سے مسلمان ھی ھیں۔ یہود و ہنود ضوائن نے یہودی بنیا اور ہندو بنیا عالمی طور سے دولت کا کاروبار کرتے ہیں۔

ہندوستان اور اسرائیل کا اپنے قیام کے اول روز سے ہی گٹھ جوڑ ہے کہ مسلمان ہمارے مشترکہ دشمن ہیں۔ ہم نے مل کر گریٹ ہندوستان اور گریٹ اسرائیل بنانا ہے اور ان کی مشترکہ سازشیں مسلمانوں کے خلاف مسلسل جاری ہیں۔ پاکستان گذشتہ سالوں سے مسلسل دہشت گردی کا خود شکار چلا آ رہا ہے۔ اب تک ایک لاکھ جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ ماضی میں میریٹ ہوٹل اسلام آباد کی دہشت گردی عالمی میڈیا نے منظر سے غائب کر دی ہے جبکہ تاج محل ہوٹل ممبئی کی گونج اب تک عالمی میڈیا پر جاری ہے۔ اس کے برعکس ماضی قریب میں غزہ (فلسطین) میں اچانک اسرائیلی حملہ سے اب تک **1000** فلسطینی شہید ہو چکے ہیں **5000** زخمی ہیں۔ دنیا کا دہرا عالمی معیار اسرائیل کی خون ناحق بہائے جانے پر دنیا کے ساتھ ساتھ اسلامی ممالک بھی خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ ماضی قریب میں سابق صدر جنرل پرویز مشرف نے ہندو پاک کو قریب لانے کی بے پناہ کوششیں کی مسئلہ کشمیر جو ہمیشہ جنگ کا باعث بنتا رہا ہے اور آئندہ بھی بن سکتا ہے۔ اس کے حل کے لیے جنرل صاحب نے جو

اصلاحات فرمائیں ان میں out of box اور soft border کا تذکرہ دوستی بس لاہور دہلی، مظفر آباد سرینگر شروع کی۔ ثقافتی طائفوں، کھلاڑیوں، ادیبوں، شاعروں، سیاست دانوں کی آمدورفت کے علاوہ تجارت کا وسیع سلسلہ بھی شروع ہو گیا۔ ہماری فلم انڈسٹری تباہ کرنے کے بعد پاکستانیوں نے انڈین چینلز اور ان کی فلموں کو اپنا سمجھنا شروع کر دیا۔ ہمارے موجودہ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی ہندوستان میں پاک بھارت پیدا شدہ خصوصاً کشمیر کے مسائل کے حل کے لیے دہلی میں موجود تھے جب ممبئی میں دہشت گردی ہوئی اور انہیں سفارتی آداب دیئے بغیر دہلی سے اسلام آباد آنا پڑا۔ اور پھر یکدم کئی سالوں کی محنت سے بنائی گئی نزدیکیاں دوری میں بدل گئیں۔ موجودہ پاکستان کے وزیر اعظم عمران خان صاحب نے آتے ہی ہندوستان کے سکھ یاتریوں کے لئے واہگہ باڈر کے ساتھ ساتھ دوستی بھائی چارہ کے لئے کرتار پور باڈر بھی کھول دیا ہے۔ سکھ برادری کو تو ننکانہ صاحب کے ساتھ اپنے مقدس مقامات پر آنے میں آسانیاں پیدا ہو چکی ہیں۔ یقیناً یہ بات ہندو قوم پرستوں کی ناراضگی کا باعث بھی ہو سکتی ہے۔

مارچ 2019ء میں بھارتی فضائیہ نے پاک سرحد اور آزاد کشمیر میں خلاف ورزیاں شروع کر دیں اور پھر پاک فضائیہ بھی حرکت میں آ گئی۔ کشمیر سے چولستان 7 لاکھ بھارتی افواج پاکستان کے ساتھ 3600 کلومیٹر پر الرٹ کھڑی ہے۔ جواباً ہماری پاک فوج بھی الرٹ پوزیشن میں ہے۔ آسمانی کونسل پر نیا زائچہ پاکستان اور زائچہ ہندوستان دونوں کا طالع برج ثور کے آٹھویں زحل کیتو اور مقابل راہو مارچ تا اکتوبر 2019ء زحل کیتو حالت قران میں رہیں گے۔ یہ سبھی عرصہ ملکوں کے مابین عسکری محاذ آرائی کے اندیشے سے خالی نہیں ہے۔ جنگ کے خطرات تب تک دکھائی دیتے ہیں مارچ 2019ء میں انڈین فضائیہ کا پاکستان پر حملہ اس نحوست کی ابتداء تھی اور انتہاء اکتوبر 2019ء تک رہیگی۔

آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کا بارڈر آج تک جان بوجھ کر متنازعہ رکھا ہوا ہے۔ پاکستانی قوم کو 1971,1965,1948ء کی پاک بھارت جنگیں تو یاد ہوں گی۔ 1974ء میں بھارت ایٹمی طاقت بنا۔ ذوالفقار علی بھٹو کی فہم فراست سے کچھ ہی سالوں بعد پاکستان بھی ایٹمی پاور بن چکا تھا۔ **نواز شریف نے اپنے دور اقتدار میں دباؤ کے باوجود پانچ ایٹمی دھماکے کیے۔ ان شخصیات کے ساتھ پاک افواج اور ہمارے ایٹمی سائنس دان سلام کے قابل ہیں۔ جن کی کاوشوں سے آج پاکستان ایٹمی طاقت ہے۔**

جو قومیں تاریخ سے سبق حاصل نہیں کرتیں اور آپس میں اتفاق نہیں کرتی ان کا جغرافیہ بدل جاتا ہے۔ آج ہمیں بحیثیت پاکستان قوم نفاق کی نہیں بلکہ اتفاق کی ضرورت ہے۔ 22 کروڑ عوام پاکستانیوں کو ہجوم سے ایک قوم بنانے کی ضرورت ہے۔ ہمیں سندھی، مہاجر، پنجابی، سرائیکی، بلوچ، پٹھان سے ایک قوم کون بنائے گا؟ اس سوال کا سادہ سا جواب قوم وزیر اعظم عمران خان سے پوچھتی ہے جنہوں نے نئے پاکستان کا نعرہ اور مدینہ جیسی ریاست کا اعلان کر رکھا ہے۔

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ اگست 2019ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2019ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	جنوب 03`11`18`26	مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ یَارِجَالَ الۡغَیۡبِ وَیَا اَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَۃ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ وَّ انۡظُرُوۡنِیۡ بِنَظۡرَۃٍ یَارُقَبَاء یَانُقَبَاء یَانُجَبَاء یَااَبۡدَال یَا اَوۡتَاد یَا قُطۡب یَاغَوۡث اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِحُرۡمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی							دوسری								تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تثلیث شمس مشتری

:۔اس سعد وقت کی ابتداء 6 اگست 11 بجکر 50 منٹ مکمل نظر 7 اگست 12 بجکر 31 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 8 اگست 13 بجکر 16 منٹ پر ہوگا۔ ترقی و منزلت، حصولِ دولت، ناموری کیلئے سورۃ مزمل کا نقش ساعت مشتری میں لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۵۷۳۰	۴۵۸۴۶	۱۷۹۱۰
۲۸۶۵۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۰۱۱۶
۳۴۳۸۶	۲۳۹۲۰	۱۱۴۶۰

تثلیث زہرہ مشتری

:۔اس خوبصورت سعد وقت کی ابتداء 8 اگست 6 بجکر 9 منٹ مکمل نظر 9 اگست 1 بجکر 27 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 9 اگست 20 بجکر 47 منٹ پر ہوگا۔ اُنس و محبت قائم دائم رکھنے کیلئے اور پسندیدہ جگہ شادی کیلئے سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش سے ساعتِ زہرہ میں فیض حاصل کریں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

قران شمس زہرہ

:۔جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 10 اگست 20 بجکر 10 منٹ مکمل نظر 14 اگست 11 بجکر 7 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 18 اگست 2 بجکر 8 منٹ پر ہوگا۔ اس وقت پاکیزہ محبت، روحانیت بڑھانے کیلئے درود شریف کثرت سے پڑھیں اور نقش مہر نبوتؐ لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۳۷	۳۰۶	۱۱۱
۱۸۵	یہاں مقصد لکھیں	۲۶۹
۲۳۲	۱۴۸	۷۴

تثلیث عطارد مشتری

:۔اس سعد وقت کی ابتداء 21 اگست 1 بجکر 43 منٹ مکمل نظر 21 اگست 15 بجکر 4 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 22 اگست 4 بجکر 16 منٹ پر ہوگا۔ حصولِ علم، عزت و ترقی، بیرون ملک سفر، اہلِ خاندان کی ترقی و منزلت کیلئے قرآنی دل سورۃ یٰسین کا نقش بنا کر پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۱۸۴۵۰	۱۴۷۶۱۰	۵۵۳۵۰
۹۲۲۵۰	یہاں مقصد لکھیں	۱۲۹۱۶۰
۱۱۰۷۱۰	۷۳۸۰۰	۳۶۹۰۰

قران زہرہ مریخ

:۔جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 23 اگست 6 بجکر 13 منٹ مکمل نظر 24 اگست 22 بجکر 4 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 26 اگست 13 بجکر 54 منٹ پر ہوگا۔ ناراض زوجین دوستوں میں اُلفت پیدا کرنے کیلئے 9 آیات قرآنی کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔

۷۸۶		
۱۱۸۱	۱۴۴۹۵	۵۴۳۳
۹۰۵۵	یہاں مقصد لکھین	۱۲۶۸۴
۱۰۸۷۳	۷۲۴۴	۳۶۲۲

از تحریر: سید قاسم علی نقوی البساکری، سیالکوٹ

زہرہ مشتری تثلیث

یہ سعد نظر مورخہ 08 اگست 2019ء بوقت صبح 06 بجکر 09 منٹ پر ابتداء ہوگی۔ مورخہ 09 اگست بوقت صبح 01 بجکر 27 منٹ پر مکمل ہوگی اور 09 اگست رات 08 بجکر 47 منٹ پر ختم ہوگی۔

اس سعد وقت سے وہ لوگ فائدہ اُٹھائیں جن کا ستارہ مشتری ہو لیکن زندگی کے تمام معاملات میں نقصانات کا سامنا ہے۔ آمدن اور مرتبہ میں ترقی نہیں ہوتی اخراجات اور پریشانیاں پیچھا نہیں چھوڑتی۔ بندش کا شکار اور چاروں طرف نحوست کا سامنا ہے۔ کوئی خاص مقصد پورا نہیں ہوتا۔

اس خاص نظر سے فائدہ اُٹھانے کے لئے درج ذیل عمل کریں۔

عمل:۔ نام معہ والد کے اعداد بحساب ابجد قمری حاصل کریں۔ نام معہ والدہ کے اعداد میں 112 اعداد کا اضافہ کریں۔ اس مجموعہ کو وقت خاص پر مربع میں پُر کریں۔ مربع کی چال آتشی ہوگی۔

ضروریات:۔ شیٹ کاغذ، نیا قلم، زعفران اور آب گلاب و کیورہ۔

مربع مکمل ہونے پر نقش پر اسم الٰہی "یَا بَاسِطُ" 184 مرتبہ اوّل و آخر 11-11 مرتبہ وِرد کرکے اور دم کرنے کے بعد موم جامہ کرکے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ تمام رکاوٹیں اور بندشیں دور ہو جائیں گی۔ مثال سے عمل کی وضاحت کرتا ہوں۔

نقش مربع کی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

طالب معہ والدہ:۔ کاشان رضا بن عروج فاطمہ اعداد بحساب ابجد قمری

+ 1 + 70 + 200 + 6 + 3 + 80 + 1 + 9 + 40 + 5 20+1+300+1+50+200+800 میزان =1787 قاعدہ کے اعداد جمع کرلیں 112-1787+112=1899 نفی 30 =1869

4/1869 = 467 سر 1 باقی خانہ 13 میں اضافہ

۷۸۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاباسط	یاباسط	یاباسط	
۴۷۴	۴۷۷	۴۸۱	۴۶۷
۴۸۰	۴۶۸	۴۷۳	۴۷۸
۴۶۹	۴۸۳	۴۷۵	۴۷۲
۴۷۶	۴۷۱	۴۷۰	۴۸۲

یاباسط یاباسط

پروردگار تمام معاملات زندگی کشادہ فرماوے۔

پلک جھپکنے میں کامیابی کا خاص عمل

بہت سے حضرات ٹیلیفون کرتے ہیں کہ کوئی عمل ایسا لکھیں کہ پلک جھپکنے میں کامیابی ملے عملیات کی دُنیا میں کام کرتے پچاس سال سے زیادہ عرصہ گذر گیا ہے۔ ساری کامیابیاں عمل، ریاضت اور محنت سے حاصل ہوتی ہیں۔ آج آپکی خدمت میں ایک ایسا ہی عمل حاضر ہے اور فائدہ اُٹھائیں۔

کسان پہلے زمین تیار کرتا ہے پھر کاشت کرتا ہے، پھر فصل رَبّ کریم کی

مہربانی سے پھوٹتی ہے پھر موسم کے مطابق تیار ہو جاتی ہے۔ پھر انسان کو اُس کی محنت کا پھل ملتا ہے۔ آپ عمل کی فصل پہلے کاشت کریں محنت کریں اور پھر جب عمل کی فصل تیار ہوگی تو آپ کاٹ لیں گے۔

بلا شک وشبہ مقطعات قرآنی ''حٰمٓ عٓسٓقٓ'' کا ایک نادر عمل پیش ہے جس کا اثر بے شک وشبہ پلک جھپکتے ہی ہو جاتا ہے۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ کی فصل کاشت کرنے کا عمل پہلے کریں انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کا اثر پلک جھپکتے ہی حاصل ہوگا۔

عمل:۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ کے اعداد بحساب ابجد قمری 278 ہیں حروف کی تعداد پانچ ہے۔ اس کا نقش مثلث خالی البطن بنے گا۔ خالی البطن مثلث بھرنے کا قاعدہ سمجھ لیں۔ کل اعداد کو 12 سے تقسیم کریں خارج قسمت کو خانہ اوّل میں رکھیں اس کے دگنے کو نمبر 2 خانہ میں اس کا تین گنا نمبر 3 خانہ میں اس کا چار گنا نمبر 4 خانے میں اس کا پانچ گنا کو نمبر 5 خانہ میں اس کا چھ گنا نمبر 6 خانہ میں اور اس کا 7 گنا کو نمبر 7 خانہ میں اس کا 8 گنا کو خانہ 8 میں اور 9 گنا کو خانہ 9 میں رکھیں۔ بطن میں ''ح م ع س ق'' لکھیں اور تقسیم کرنے سے کسر آئے تو پوری کسر خانہ نمبر 6 میں جمع کر دیں۔

چال مثلث خالی البطن

٣	٨	١
٧	ح م ع س ق	۵
٢	۴	٦

قواعد عمل:۔

- ماہ وقت کی کوئی پابندی نہیں۔
- عمل صرف اتوار، سوموار، بدھ، جمعرات اور جمعہ کو کرنا ہے۔
- ہر روز 17 نقوش لکھنے ہیں، بہ طہارت اور باوضو لکھنے ہیں۔
- دوران لکھائی میٹرولن "العُود" "صندل" "کیوڑہ" یا گلاب کی اگربتی جلائیں۔
- ان لکھے ہوئے نقوش کو آٹے کی گولی میں لپیٹ کر نہر، دریا، یا ایسا پانی کا تالاب ہو جس میں مچھلیاں ہوں۔ چندان کے اکٹھے نقش بھی پانی میں ڈالیں یا مجبوری ہو تو مٹی کے اندر دفن بھی کر سکتے ہیں۔
- کل 51 دن روزانہ 17 نقوش لکھنے ہیں۔ ہفتہ اور منگل کو ناغہ ہوگا۔ جب 51 دن پورے ہو جائیں تو نقوش کی زکوٰۃ مکمل ہو جائیگی۔
- حروف مقطعات حٰمٓ عٓسٓقٓ (ح م ع س ق) کا نقش، نقش کا فیض
- عزت و مرتبہ شان وشوکت، ترقی اور دیدیہ تسخیر خلائق عام اور تسخیر خاص نقش جس کے پاس ہوگا۔ اس کو دُنیا جہاں کی سعادتیں حاصل ہونگی۔ تمام رُکے ہوئے کام بن جائیں گے۔ بخت کشادگی ہوگی، کاروبار کشادگی ہوگی، ڈاکٹر، وکیل، عامل، دوکاندار یا جن کے کاروبار کا دارومدار خلقِ خدا کے آنے سے ہے۔ جس کے پاس یہ نقش ہوگا اس شخص کا دامن خوشیوں سے بھر دے گا۔
- نقش کے نیچے نام طالب معہ والدہ اور مقصد ضرور لکھیں۔

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل وعیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔ (ارشاد امام علی رضاؑ)

ثاقب ارسل جفر

از تحریر: منیر احمد جکانی، لاڑکانہ

''تثلیث شمس مشتری''

محترم قارئین کرام آئینہ قسمت سلام وعلیکم! یہ بات انسان کی فطرت میں شامل ہے کہ وہ ہر چیز اور ہر کام میں آسانی کا متلاشی رہا ہے۔ فیض روحانی کا یہ مضمون اسی نظریہ کے مطابق شائع کیا جا رہا ہے۔ اس میں بے حد مجرب فوری اثر اس قدر پر تاثیر عملیات اور الواح کو استعمال کرنے کے بعد محسوس کریں گے اس بار میں آپ کی خدمت میں ایک آسان اور مجرب عمل اور الواح آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں جو مجھے یقین ہے کہ آپ کو پسند ضرور آئیگا۔ 7 اگست کو تثلیث شمس و مشتری ہے اس میں محبت جائز کے لئے تیر باہدف وقت ہے جس میں آپ محبت کا عمل والواح تیار کریں۔ 7 اگست 12:31 کو تثلیث شمس و مشتری ہیں کا عمل کریں زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھائیں مزید معلومات کے لئے زنجانی جنتری کا مطالعہ کریں محبت جائز کے لئے آیت کریمہ ''وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ '' (سورة الانفال آیت ۶۳) کے اعداد قمری 362 ہے ایک وقت میں 3 الواح تیار کریں ایک آگ میں دفن کرو دوسری کو درخت زیتون میں باندھو تیسری کو طالب اپنی راست بازوں میں باندھے اور اس آیت شریف کو 362 مرتبہ 11 دن پڑھے۔ نماز عشاء کے بعد تو کامیابی آپ کے نصیب میں ہوگی اس عمل کو جائز استعمال کریں ورنہ خود گنہگار ہوں گے۔ اس عمل کی اجازت خاندان زنجانی یا مجھ عاجز سے لیں۔

چال آتشی

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

چال بادی

١١	٨	١	١٤
٢	١٣	١٢	٧
١٦	٣	٦	٩
٥	١٠	١٥	٤

٨	١١	٣٤٢	١
٣٤١	٢	٧	١٢
٣	٣٤٤	٩	٦
١٠	٥	٤	٣٤٣

١١	٨	١	٣٤٢
٢	٣٤١	١٢	٧
٣٤٤	٣	٦	٩
٥	١٠	٣٤٣	٤

از تحریر: سیّد عامر علی نقوی البھاکری، سیالکوٹ

تسخیر القلوب

یہ عمل امام الحکماء افلاطون نے ترتیب دیا ہے۔ اس عمل کا نام مقناطیس القلوب رکھا ہے۔ اس لئے کہ جس طرح قوت جاذبہ حجر مقناطیس کو ساتھ حدید کے ہے۔ یہ عمل درمیان میاں بیوی کے کریں۔ یہ فوری اثر ہونے کا عمل ہے۔ غیر شرعی نہ کریں۔ جائز اور حلال رشتوں کو جوڑنے ملانے کے لئے کریں۔ اگر یہ عمل صحیح شرائط کے مطابق کریں تو صحیح کریں۔ شام تک اس کا نتیجہ نکل آئے گا۔

ضروریات عمل

1:۔ زرد رنگ کا کاغذ **2**:۔ بخور میہ سائیلہ اور لوبان **3**:۔ ساعت عروج ماہ (تثلیث یا تسدیس) (قمر یا عطارد) (قمر یا زہرہ) (عطارد یا زہرہ) **4**:۔ زعفران، عرق گلاب، روح کیوڑہ

ا:۔ زرد کاغذ پر اسمائے قمر لکھیں جو درج ذیل ہیں:۔ ''لیا خیم، لیا غولیا، لیا فور، لیارث، لیاروغ، لیاروش، لیا شلش۔ فلاں بنت فلاں در تَتَوَّصَلُ وِ صَالاً فلاں بن فلاں۔ اس کے بعد **70** مرتبہ سورۃ الَمْ نَشْرَح اس پر پڑھ کر کاغذ کو لپیٹ لیں۔ جو آدمی اس عمل کو کرے گا۔ غروب آفتاب سے پہلے مطلوب حاضر ہوگا۔ میاں بیوی کے درمیان یہ عمل بہت بابرکت ہے۔ (شموس الانوار) (الحاج التلمساتی)

اس سال مورخہ **11** ستمبر **2019**ء بوقت رات **22** بجکر **26** منٹ پر اس سعد نظر کی ابتداء ہوگی۔ مورخہ **13** ستمبر رات **20** بجکر **10** منٹ پر مکمل ہوگا۔ مورخہ **15** ستمبر رات **21** بجکر **21** منٹ پر خاتمہ ہوگا۔ دونوں سعد ستارے ہیں۔ ان کے اوقات میں جو بھی سعد عمل کسی کام کے لئے کیا جائے گا۔ اس میں لازمی کامیابی ملے گی۔ بعض خصائص لکھ کر محدود نہیں کرتا اس لئے جو بھی غرض ہو یا کام ہو جو رکھا ہوا ہے یا مقصد ہے اس کو مدنظر رکھ کر کام کریں۔ طریقہ یوں ہے اپنا نام معہ والدہ اور اسم الٰہی جو کام کی مناسبت کے مطابق ہو۔ مثلاً ملازمت کی ضرورت ہے تو ''رَزَّاقُ'' صحبت کی ضرورت ہو تو ''یَا شَافِیِ'' محبت و سلوک کی ضرورت ہو تو ''یَا وَدُودُ'' ترقی کی ضرورت ہو تو ''یَا رَافِعُ'' لیں۔

اب اپنا نام معہ والدہ اور اسم الٰہی کے مطابق کے اعداد بحساب ابجد قمری نکالیں۔ پھر اسموں کو ملفوظی بنائیں۔ ملفوظی کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح حرف بولا جاتا ہے مثلاً:۔ الف، با، جیم، دال، ما، زا، طا وغیرہ مربع نقش میں زعفران سے یا سرخ سیاہی سے نقش بنائیں۔ مکمل تنہائی ہو، متعلقہ ستارے کا بخور جلائیں۔

مثال:۔

طالب معہ والدہ فیضان رضا بن عروج فاطمہ

حاجت رزق

اعداد بحساب ابجد قمری: **+200+50+1+800+10+80**
800+1+70+200+6+3+80+1+9+40+5= رزق کے اعداد بحساب ابجد قمری **200+7+100** کل میزان **=2483**

دونوں اسموں کے ملفوظی حروف: فا، یا، ضاد، الف، نون، را، ضاد، الف، عین، را، واؤ، جیم، فا، الف، طا، میم، ھا، را، زا، قاف

ملفوظی کے اعداد: **+81+11+805+111+106+201+805**
+111+130+201+13+53+81+111+10+90+6
181+8+201 میزان حروف ملفوظی **3316** اعداد ابجد قمری **=5799**
3316+2483 کل اعداد: **5799-30 =5769 =1442** باقی **1** کسر خانہ **13** دو نقش وقت پر لکھیں۔ ایک پاس رکھیں۔ دوسرا گھر میں اونچی جگہ لٹکا دو تا کہ ہوا سے ہلتا رہے۔ روزانہ بعد نماز فجر اوّل آخر **11-11** مرتبہ درود پڑھ کر **5799** مرتبہ ورد کریں۔ مشکل سے مشکل مقصد پورا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ تاثیر پیدا فرمائے گا۔ جو نقش میں اسم الٰہی لکھا ہے اس کا ورد بلا ناغہ جاری رکھیں۔ اسم الٰہی کا فیض بھی ہمیشہ جاری رہے گا۔

مثالی نقش:

۱۴۴۹	۱۴۵۲	۱۴۵۶	۱۴۴۲
۱۴۵۵	۱۴۴۳	۱۴۴۸	۱۴۵۳
۱۴۴۴	۱۴۵۸	۱۴۵۰	۱۴۴۷
۱۴۵۱	۱۴۴۶	۱۴۴۵	۱۴۵۷

از تحریر: محمد شریف شہزاد، لیاری کراچی

بدوح کے مؤکل کے خاص عمل

قارئین کرام اور محترم آئینہ قسمت سٹاف اسلام وعلیکم! آج آئینہ قسمت میں ایک روحانی تحفہ کے ساتھ حاضر خدمت ہوں برسوں اس عمل سے مستفید ہوں اسے آپ کی نظر کرتا ہوں یہ عمل بدوح کے مؤکل کے خاص عمل سے ہے۔ بدوح کے مؤکل سے کام لینے کا ایک طریقہ بیان کیا جاتا ہے۔ یہ ترکیب جلالی ہے لاس لئے احتیاط سے کرو اور اس عمل کے دوران میں پندرہ یہ نقش خاکی چال سے روزانہ (15) عدد لکھا کرو اس سے نہ صرف عمل میں زور پیدا ہوگا بلکہ اس عمل کے جلالی میں کمی آجائے گی۔ مگر اس کے معنی یہ نہیں کہ آپ بے ترتیبی یا بد پرہیزی سے کریں اگر کوئی نقصان پیدا ہوجائے تو اس سے بچالے گا بلکہ اس نقصان میں کمی آجائے گی۔ عمل یہ ہے کہ عشاء کے بعد رات (12) بجے تک کسی مقررہ وقت جگہ دو زانو ہو کر ذیل کا عمل 360 مرتبہ پڑھو۔

(اللہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ بِحَقِّ یَا صَمَدُ یَا صَمَدُ یَا بَدُوحُ بِحُرمتِ یَا جبرَئیلُ)

دوران عمل یا خواب میں بھی بشارت ہوگی اور بعض اوقات حسین اور پاکیزہ صورتیں بھی سامنے آئیں گی اور کوئی خوف گھبراہٹ نہ لائیں اپنا عمل جاری رکھو۔ چالیس دنوں کے اندر مقصد یا کام پورہ ہوگا۔ ہاں البتہ اس عمل میں پرہیز لازمی ہے۔ اس عمل کے دوران بدبودار اشیاء نہ کھائیں۔ مثلاً ہر قسم کا گوشت، پیاز، لہسن، دودھ، دہی، گھی، ادرک وغیرہ نہ کھائیں اور نہ کسی کے برتن میں کھائیں اور نہ اپنا برتن کسی کو دیں بہتر یہ ہے کہ اپنے ہاتھ سے کھانا پکائیں اور اگر ایسا نہ کر سکے تو ایسے آدمی یا عورت سے پکوائیں کہ جو پاک صاف باوضو پکا سکے حتیٰ الوسع دریا کا پانی استعمال کریں بحالت مجبوری کنوئیں کا پانی بھی استعمال کر سکتا ہے دوران عمل اگربتی یا لوبان وغیرہ کا بخور کریں آخر میں مجھ ناچیز اور شہزادگان کے حق میں دُعا خیر کریں۔

پندرہ کا نقش خاکی چال یہ ھے:۔

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

یہ نقش اماں حوا کے نام کے مطابق ہے۔

حضرت علی علیہ السلام

اچھے لوگوں کا تمہاری زندگی میں آنا، تمہاری قسمت ہوتی ہے۔ اور اُنہیں سنبھال کر رکھنا تمہارا ہنر

جو شخص تم پر غصہ کرے مگر پھر بھی تعلق نہ ختم کرے وہ برے وقت میں تمہارا سچا ساتھی ہے

حضرت علیؓ

ابجد ابوبکر طوسی رحمۃ اللہ علیہ

از تحریر: سید فیضان رضا نقوی، سیالکوٹ

عملیات کی دُنیا میں بہت سی ابجد ہیں جو مختلف اعمال میں کام آتی ہیں اور اعمال میں سریع الاثر ہیں۔ آج جس ابجد کے تحت عمل دیا جارہا ہے اسکا نام ''ابجد طوسی'' ہے۔

ابجد طوسی

ا	ج	ہ	ز	ط	ک	م	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
غ	ض	خ	ت	ر	ص	ع	ن	ل	ی	خ	و	د	ب
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

عمل کو تب کریں جب آپ استحقاقِ عمل رکھتے ہوں اگر آپ استحقاق نہ رکھتے ہوں تو فضول محنت نہ کریں۔ یہ عمل صرف اُن لوگوں کو کام کرے گا جو عمل کا استحقاق رکھتے ہوں۔ استحقاق ہونے کی صورت میں انشاء اللہ بے خطا تیر ہے۔ اسم بدوح چار حروف کا مرکب ہے۔ 2 حروف بادی اور 2 حروف خاکی ہیں۔ اور ستارہ زحل و مشتری سے منسوب ہیں۔

طریقہ عمل:۔ سنیچر ہفتہ کی صبح کو نماز فجر سے پہلے غسل کریں۔ اور تمام دن نفلی روزہ رکھیں۔ بعد از نماز فجر تنہائی میں بیٹھ کر اور خوشبو سے کمرہ معطر کریں۔ خوشبو، میعہ سائلہ، رال، سیاہ دانہ، سیاہ مرچ، قرنفل میں سے کوئی ایک بخور جلائی شام کو حب الفار، صندل سرخ، ناگر موتھ۔ عنبر جدوار میں سے کوئی ایک بخور جلائیں۔ درخت برگد کی ٹہنی سے قلم بنائیں اور نقش کو زعفران، روح گلاب اور کیوڑہ سے بنائیں نقش کے نیچے اپنا مقصد بھی لکھیں۔ اور خوشبو سے معطر کر کے اپنے دائیں ہاتھ کی کلائی پر باندھ لیں اور نیت نکاح کرلیں۔ کسی سے بات نہ کریں۔ بلکہ تنہائی میں تصور ہر وقت مطلوب کے ساتھ نکاح کا رکھیں۔ شام کو روزہ دودھ سے افطار کریں کوئی غذا اور نہ لیں جب عشاء کی نماز کے بعد ستارہ زحل کی ساعت آئے۔ درخت برگد کے نیچے کھڑے ہو کر 2 گھنٹے یعنی مشتری کی ساعت میں لگاتار ''یا بَدُوح'' پڑھتے رہیں۔ 2 گھنٹے ورد کرنے کے بعد اوّل آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر خاموشی سے آکر اپنے بستر پر سو جائیں۔ عمل کا کسی سے کوئی ذکر نہ کریں۔ صبح ہی آپ کو معلوم ہو جائے گا۔ جب آپ کامیاب ہوں گے۔ اس نیک عمل کا ثواب حضرت ابوبکر طوسیؒ کو بخشیں۔ اور نقش کو محفوظ مقام پر رکھ دیں۔ مجھے اور ادارہ آئینہ قسمت کے تمام لوگوں کو دُعائے خیر میں یاد رکھیں۔ اب نقش بنانے کا طریقہ سمجھ لیں۔ نقش مثلث آتشی چال سے بھریں۔

چال آتشی

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

۱۳۴	۱۲۹	۱۳۷
۱۳۶	۱۳۲	۱۳۱
۱۳۰	۱۳۸	۱۳۲

از تحریر: قیصر احمد بی۔اے، کراچی

قرآن سے دُکھ درد و بیماریوں کا علاج

1:۔ بلڈ پریشر کا علاج:۔ چار عدد کڑھی پتے ایک کپ پانی میں رات بھر بھیگا رہنے دیجئے صبح نہار منہ چار پتوں میں سے دو عدد پتے چبا کر کھالیں اور اُوپر سے وہی پانی پی لیجئے۔ بقیہ دو پتے سالن وغیرہ میں استعمال کر لیجئے۔ انشاء اللہ صرف ایک ہفتہ میں بلڈ پریشر نارمل ہو جائیگا۔ الحمدُ للہ اس علاج سے بلڈ پریشر کے مریض مکمل صحت یاب ہو جاتے ہیں۔

2:۔ کینسر کا علاج:۔ روزانہ پستے کھایئے اور خود کو کینسر سے بچایئے ایک جدید تحقیق کے مطابق روزانہ مناسب مقدار میں پستے کھانے سے پھیپھڑوں اور دیگر کسی قسم کے کینسرز کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔ کینسر پر کام کرنے والی ایک ''امریکی ایسوسی ایشن'' کے تحت کی جانے والی تحقیق کے مطابق پستے میں وٹامن E کی ایک خاص قسم ہوتی ہے جس کے ذریعے پھیپھڑوں سمیت کئی اقسام کے کینسرز کے خلاف مضبوط مدافعتی نظام حاصل کیا جاسکتا ہے۔

3:۔ گنج دُور کرنے کا عمل:۔ زیتون کے تیل میں پیاز کا پانی شہد ایک چمچ اور پسی ہوئی دار چینی آدھا چمچ ملا کر گنج پر لگایئے کچھ عرصہ مسلسل استعمال کرنے سے انشاء اللہ نئے بال نکلنا شروع ہو جائیں گے۔ (مجرب المجرب است)

4:۔ مِرگی کے تین روحانی علاج:۔ (ا) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ 66 بار روزانہ پڑھ کر مرگی کے مریض پر دَم کیجئے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ علاوہ ازیں بخار، نزلہ، زکام، کھانسی ہر قسم کے درد اور آنکھوں کی بیماریوں کیلئے بھی یہ روحانی علاج مفید ہے۔ (ب) یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ 40 بار ایک سانس میں پڑھ کر جسے مِرگی کا دورہ پڑے اُس کے کان میں دَم کیجئے، انشاء اللہ فوراً مریض ہوش میں آئیگا۔ (ج) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط کے ساتھ سورۃ الشمس پڑھ کر مرگی والے کے کان میں دَم کرنا بہت ہی مفید ہے۔

5:۔ کان کے درد کا روحانی علاج:۔ یَا سَمِیْعُ 21 مرتبہ (اوّل و آخر 3-3 بار درود شریف) پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں میں پھونک مار دیجئے۔ انشاء اللہ کان کے درد سے چند روز میں چھٹکارا مل جائیگا۔

6:۔ نزلہ، زکام کا روحانی علاج:۔ ہر بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط کے ساتھ سورۃ الفاتحہ تین بار (اوّل و آخر 3-3 بار درود شریف) پڑھ کر تین روز تک روزانہ مریض پر دَم کیجئے۔ انشاء اللہ نزلہ، زکام سے نجات حاصل ہوگی۔

7:۔ دل کے سوراخ کا روحانی علاج:۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ 75 بار پڑھ کر دل میں سوراخ والے حصہ پر دم کیجئے اور گھبراہٹ، دل اور سینے کے تمام مریضوں کے سینے پر دَم کرنا بفضلہٖ تعالیٰ نہایت ہی مفید ہے۔

8:۔ دل کی دھڑکن بڑھ جانیکا روحانی علاج:۔ سورۃ یٰسین کی یہ آیت سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ 101 بار اوّل و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر کسی کھانے یا پینے کی چیز پر دَم کر کے کھا یا پی لیجئے۔ انشاء اللہ شفاء کامل ملے گی۔ (مدتِ علاج تا حصولِ شفاء)

9:۔ نظر اور درد کا روحانی علاج:۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ 786 بار کاغذ پر لکھ کر یا لکھوا کر تعویز کی طرح لپیٹ کر پلاسٹک کوٹنگ کر کے ریگزین یا کپڑے وغیرہ میں سی کر بازو میں باندھ لیں یا گلے میں پہن لیجئے انشاء اللہ نظرِ بد کا اثر ختم ہو جائیگا۔ جس کے ہاتھ پاؤں میں درد ہو اُس کیلئے بھی یہ تعویز مفید ہے۔

10:۔ فالج ولقوہ کے دو روحانی علاج:۔ (ا) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ گیارہ بار نئی رکابی (پلیٹ) پر لکھ کر پینے سے انشاء اللہ عزَّ وجَلَّ لقوہ سے نجات ملے گی۔ (ب) یَا اَللّٰهُ 100 (سو بار) سوتے وقت پڑھنے سے انشاء اللہ شیاطین کی شرارت نیز فالج اور لقوے کی آفت سے حفاظت رہے گی۔ (ج) مغز ریٹھا حسبِ ضرورت پنسار کی دکان سے

لیکر کوٹ کر اس میں خالص شہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا لیجئے ایک ایک گولی صبح و شام نیم گرم دودھ کی چائے کے ساتھ استعمال کیجئے۔ چند دن یا چند ہفتے کے استعمال سے انشاء اللہ کامل شفاء نصیب ہوگی۔

11:۔ نیند نہ آنے کے دو روحانی علاج:۔ (ا) جس کو درد وغیرہ کے سبب نیند نہ آتی ہو تو اس کو چاہئے کہ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ کو کثرت سے پڑھے اُس کو انشاء اللہ نیند آجائے گی۔ نیز اللہ ربّ العزت کی رحمت سے مریض جلد صحت یاب ہو جائیگا۔ (ب) اگر نیند نہ آتی ہو تو لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ گیارہ بار پڑھ کر اپنے اُوپر دَم کیجئے انشاء اللہ نیند آجائے گی۔

12:۔ پِتے اور مثانے کی پتھری کا روحانی علاج:۔ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ 46 بار سادہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں دھو کر پینے سے پتے اور مثانے کی پتھری انشاء اللہ ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔ (مدت علاج تا حصولِ شفاء)

13:۔ ناف اُترنے کا روحانی علاج:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط سَلَامٌ قَولاً مِّنۡ رَبٍّ رَّحِیۡمٍ کاغذ پر باوضو لکھ کر ناف پر اس طرح باندھے کہ ناف کے نیچے نہ جائے۔ انشاء اللہ جلد شفاء ہوگی۔

14:۔ مِرگی کے دورے کا روحانی علاج:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط الٓمّٓصٓ طٰسٓمّٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَ الۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَ الۡقَلَمِ وَ مَا یَسۡطُرُوۡنَ۔ باوضو تین بار پڑھ کر مریض پر دَم کر دیجئے انشاء اللہ عزَّ وجَلَّ مِرگی کا دورہ ختم ہو جائے گا۔

15:۔ دَست آنا:۔ اگر کسی شخص کو دَست آتے ہوں اور کسی بھی دوا سے نہ رُکتے ہوں تو یہ روحانی علاج آزمائیں انشاء اللہ دَست کچھ ہی گھنٹوں میں بند ہو جائیں گے سورۃ قدر 14 بار پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پئیں انشاء اللہ دستوں سے نجات ہوگی۔

16:۔ موذی امراض سے حفاظت کا روحانی نسخہ:۔ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ 76 بار کاغذ پر لکھ کر آبِ زم زم سے دھو کر پینے والا انشاء اللہ موذی امراض سے ہمیشہ محفوظ رہیگا۔

17:۔ کمر کے دَرد کا روحانی علاج:۔ فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان ہر بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط کے ساتھ 41 بار سورۃ الفاتحہ پڑھیے انشاء اللہ کمر کا درد ختم ہو جائیگا۔

18:۔ آنکھوں کے امراض کے 3 روحانی علاج:۔ یَا شَکُوۡرُ یَا بَصِیۡرُ اگر آنکھوں میں روشنی کم ہوگئی ہو تو 41 بار پڑھ کر پانی پر دَم کر کے آنکھوں پر یہ پانی ملیئے۔ نظر کمزور ہو جائے یا چلی جائے تو "یَا رَحۡمٰنُ یَا رَحِیۡمُ یَا اَللّٰہُ یَا سَلَامُ" 41 بار اوّل و آخر (ایک ایک بار درود شریف) پڑھ کر دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر دَم کر کے منہ پر ڈالے اور آنکھوں پر بھی ملے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط ہر نماز کے بعد تین بار پڑھ کر اُنگلی پر دَم کر کے اپنی آنکھوں پر لگایئے۔ یہ عمل عمر بھر جاری رکھیئے انشاء اللہ بینائی کی کمزوری دُور ہوگی نیز سفید اور کالے موتیے سے بھی حفاظت ہوگی۔

19:۔ گُردے کی بیماریوں کیلئے طبی نسخہ:۔ روزانہ صبح نہار منہ تین گرام میٹھا سوڈا پانی سے استعمال کیجئے۔ پیاس لگے یا نہ ہو زیادہ سے زیادہ پانی استعمال کیجئے گیارہ دن میں انشاء اللہ آرام آجائیگا اگر مرض پرانا ہے تو 41 دن یہ علاج کیجئے۔

20:۔ بخار ختم ہونیکا روحانی علاج:۔ جس کسی کو بھی کیسا بھی بخار ہو یہ نقش مکرم لکھ کر بخار والے کے گلے میں پہنا دیں انشاء اللہ بخار ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائیگا۔ نقش مکرم یہ ہے۔

یَا نَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّ سَلَامًا عَلٰۤی اِبۡرٰھِیۡمَ ۝

۶۶ ۷۸۶ ۶۶

۴۶۹	۴۷۲	۴۷۶	۴۶۲
۴۷۵	۴۶۳	۴۶۸	۴۷۳
۴۶۴	۴۷۸	۴۷۰	۴۶۷
۴۷۱	۴۶۶	۴۶۵	۴۷۷

۶۶ بخار ختم ہو۔ ۶۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلاَّ رسول اللّٰہ ۝

21:۔ جریان کے مرض کا روحانی علاج:۔ مندرجہ ذیل کلمات باوضو 41 بار پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دَم کریں اور نہار منہ بعد نماز فجر مریض کو وہ پانی پلا دیا کریں چند دن کے علاج سے مریض انشاء اللہ تعالیٰ صحت یاب ہوگا وہ کلمات یہ ہیں:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط یَا شَافِیۡ یَا شَافِیۡ یَا شَافِیۡ یَا کَافِیۡ یَا کَافِیۡ یَا کَافِیۡ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا رَحِیۡمُ یَا رَحِیۡمُ یَا رَحِیۡمُ۔

از تحریر: تنویر عصری (ایم اے)، راولپنڈی

سورۃ القریش سے نحوستوں کا خاتمہ

تمام تعریفیں علیم و خبیر رب العالمین صاحب جلال و الصفات کے لیے۔ کل درود و سلام انبیاءؑ کے نور پر، اولیاء عصمتؑ پر، شہداء کے خونوں پر، صالحین کے کرداروں پر، مناجات والے فقراء پر، بالخصوص ختم المرسلین محمد مصطفیٰ اور منبع علم اہل بیتؑ اطہار پر، آئینہ قسمت کے بانیان، مدیران اور متعلقین کی تندرستی و طول حاجات و قبولیت دعا کے بعد روایتی انفرادیوں پر محیط سورۃ القریش کو بنیاد بناتے ہوئے روحانیات کے متلاشی پیاسوں کے لیے شکر خداوند کے ساتھ عمل پیش خدمت ہے۔ رحمت خداوندی سے مایوسی کی ممانعت کی بیساکھیوں کا سہارا لیتے ہوئے مختصراً عرض ہے کہ مایوسی اور لاعلاج گردش لیل و نہار کے امراض میں مبتلا انسان اس عمل سے یقینی فیض خداوندی حاصل کرنے سے قبل سکون و تحمل سے ''سورۃ الفجر'' کی آیات کا ترجمہ و تفسیر اردو زبان میں کئی مرتبہ دہرائیں۔ تا کہ ذہنوں میں گردشتوں اور بندشوں کا قرآنی تصور اُجاگر ہو سکے۔ ''سورۃ الفجر'' کے مطابق امتحانات کے پہلے پرچے کی شروعات ''تنگیٔ رزق'' کے سوال سے شروع ہو کر پھلتی پھولتی جاتی ہیں۔ یعنی اس مقام سے انسان میں خوف و مایوسی ''تنگیٔ رزق'' جن کو بندشوں اور رکاوٹوں کے نام سے متعارف کرایا جاتا ہے اپنی جڑیں گہری کرنا شروع کر دیتا ہے۔ جس کو ظلمت اور تاریکی کے دور سے انسان ہمیشہ یاد رکھتا ہے۔ (سورۃ لایلاف) کی آیات میں انہی امتحانات سے تحفظ کی ضمانت حکیم مطلق نے عطا فرمائی ہے۔ ویسے بھی (سورہ لایلاف) کا 70 مرتبہ روزانہ ورد آزمائشوں سے نجات کا سبب ہے۔ پانی پر دم کر کے پلانے سے دل کے امراض سے شفا کا باعث اور بھوکا شخص طلوع آفتاب سے پہلے یعنی فجر کی نماز کے بعد اس کے ورد کی عادت بنالے تو خداوند عالم اس کی روزی آسان کر دیتا ہے۔ روحانی عمائدین رزق کے مضر اثرات کے خاتمہ کے لیے ''القریش'' کا ورد کرواتے چلے آ رہے ہیں۔ معصومینؑ کے فرمودات کی روشنی میں واجب نمازوں میں اس کی تلاوت کا ثواب بہت ہی زیادہ ہے۔

ان تمہیدی کلمات کو ذہن نشین رکھتے ہوئے ''حق الیقین'' کی منزل پر اُترتے ہوئے درج ذیل مخفی خصوصیات سے لطف اندوز ہوتے ہوئے نہ صرف خود بلکہ حفظ ماتقدم کے طور پر اپنی اولادوں کو بھی اس عمل سے سیراب ہونے کی نصیحت فرمائیں۔ قرآن کریم کی آیات و معصومینؑ کے اقوال کی روشنی میں نحوستوں، گردشتوں، بندشوں کی منازل کو ثابت قدمی سے برداشت کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ چھینی ہوئی نعمتیں واپس لوٹا دیتا ہے۔ واپسی نعمات کے لیے یہ ایک ادنیٰ سی چھتری ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد پاکیزہ کپڑوں سے جو کہ عطر وغیرہ سے یا جگہ اگر بتی کی خوشبوؤں سے معطر ہو۔ روزانہ ایک مرتبہ مکمل عمل ہدایات کے مطابق سر انجام دیں۔ اس عمل میں ظاہراً دس غیبی کنجیوں سے مدد لی گئی ہے۔ جس کا مفرد عدد ''ایک'' بنتا ہے۔ جبکہ وردِ کلام کی تعداد (161 یعنی عدد (8 کی تاریکیوں سے نجات کے لیے خالق نور کی مدد حاصل کی گئی ہے۔ کفران نعمات الٰہیہ کے سبب بندشوں کا سبب کیسا ہی کیوں نہ ہو۔ ذوالفقار نور الٰہی کے سبب خوشیوں اور مسرتوں سے لطف اندوز ہونا شکر کے قابل بنا دے گا۔ انشاء اللہ

تفصیل عمل: (1) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ تعداد 8 مرتبہ (2) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جِبْرَائِيل تعداد 100 مرتبہ (3) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (سورۃ انبیاء آیت 87) تعداد 8 مرتبہ (4) يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ (سورۃ الاعراف آیت 54 تعداد 8 مرتبہ (5) لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ (سورۃ القریش آیت 1,2 تعداد 3 مرتبہ) (6) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ تعداد 5 مرتبہ) (7) فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ (سورۃ القریش آیت 3 تعداد 3 مرتبہ) (8) هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ (سورۃ الاحزاب آیت 43) تعداد 8 مرتبہ) (9) الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ (سورہ القریش آیت 4) تعداد 10 مرتبہ) (10) اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ (سورۃ البقرہ آیت 257) تعداد 8 مرتبہ (ٹوٹل تعداد: 161)

اعجاز الجفر

از تحریر: فیض محمد جسکانی، پنوں عاقل سندھ

ترقی و دولت کے لئے مجرب نقش

آج کے دور میں ہر آدمی رزق اور دولت کے لئے سخت پریشان اور مایوس ہے۔ اس حالت میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف رجوع کریں اور نماز کی پابندی کریں۔ امام العصر اور مفکر اسلام حضرت مولانا سائیں عبدالکریم قریشیؒ (بیر والے) آنے والے ہر سائل اور مُرید کو حضور ﷺ کی خاص دُعا یعنی ''رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ '' بتاتے تھے۔ ایک دن کسی نے دریافت کیا کہ ''حضرت کیا وجہ ہے کہ آپ ہر سائل کو یہی دُعا بتاتے ہو اور نماز کی تلقین کرتے ہو؟'' حضرت سائیں نے جواب میں فرمایا کہ ''بندہ اگر کسی خاص مقصد کے لئے بھی یہ دُعا پڑھے گا اور نماز کی بھی پابندی کرے گا تو اس کے دونوں جہان سنور جائیں گے۔'' اس دُعا کے علاوہ جو بھی وظائف اور اسمِ مبارک ہوتے ہیں وہ بھی اللہ کی تعریف میں ہیں ان سب کی برکت ورحمت سے بھی انسان کے بگڑے کام بن جاتے ہیں۔ اور آخرت بھی اچھی ہو جائے گی۔ یہ عمل بِسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم یَا بَاسِطُ کا ہے۔ اس کے اعداد 858 ہوئے۔ اس کو 60 سے تقسیم کیا تو جواب آیا 14 باقی 20 خانے میں رکھے گئے ہیں۔ پہلے خانے والے اعداد 14 اسم وہاب کے اعداد بھی ہیں۔ یہ اعداد ہر خانے میں زیادہ کرنے ہوں گے۔ یہ عمل نئے چاند کی جمعرات کو شروع کریں۔''

بِسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم یَا بَاسِطُ یَا وَھَابُ'' 40 دن تک روزانہ رات کو ایک ہزار دفعہ پڑھیں۔ یہ نقش لکھ کر گلے یا بازو میں بند کرا کے باندھیں بہت فائدہ ہوگا۔

چال نقش یہ ھے:۔

٨	٢	١٦	٢٠	١٤
١٥	٢٤	١٣	٧	١
١٢	٦		١٩	٢٣
٤	١٨	٢٢	١١	٥
٢١	١٠	٩	٣	١٧

نقش یہ ھے:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یَابَاسِطُ یَاوَھَابُ یَابَاسِطُ یَاوَھَابُ

١١٢	٢٨	٢٢٤	٢٩٨	١٩٦
٢١٠	٣٥٤	١٨٢	٩٨	١٤
١٦٨	٨٤	الاھی رزق و دولت فلاں بن فلاں کشادہ کن و ترقی و فتوحات **ھو** بحق یاباسط یا وھاب	٢٦٦	٣٤٠
٥٦	٢٥٢	٣٢٦	١٥٤	٧٠
٣١٢	١٤٠	١٢٦	٤٢	٢٣٨

یاوھاب یاباسط یاوھاب یاباسط

یاباسط یاوھاب یاباسط یاوھاب

آخر میں شاہ زنجانی صاحب اور مجھ ناچیز کو دُعائے خیر میں یاد کریں۔

قارئین محترم آئینہ قسمت اسلام وعلیکم! اس بار آپ کے لئے لوح رزق فراخ لے کر حاضر خدمت ہوں محترم قارئین اس چلتے ہوئے تیز دور میں ہر ایک انسان رزق، دولت، آمدن، ملازمت، خوش بختی، خوش نصیبی اور خوشحالی کے لئے بہت پریشان اور ضرورت مند ہے اور حقیقت میں ہر ایک غریب امیر عورت، مرد، بچہ چاہے بچی کو جائز اور حلال طریقے سے رزق و دولت کی ضرورت ہے اور اسکا حق بنتا ہے کہ جائز طریقے سے اس کے پاس رزق و دولت آئے تاکہ اسکی ہر ممکن ضرورت پوری ہو اور مفلسی، تنگدستی، محتاجی سے آزاد ہو کر وہ خوشی اور خوشحالی سے زندگی گذارتا رہے لہٰذا اس طرح کی تمام معاملات ضرورت اور پریشانی کے حل کے لحاظ سے لوح رزق فراخ سریع التاثر اور بے مثال عمل ہے اس کے نتائج معجزاتی طریقے سے دیکھنے میں آتے ہیں صاحب لوح پُرامن ہر جوش، امن سلامتی اور خوشحالی و سکون سے اپنا وقت گذارتا رہتا ہے اسکی مفلسی تنگ دستی غربت و افلاس ختم ہو جاتی ہے غموں کے بادل ڈھل جاتے ہیں اور اللہ پاک لوح مبارکہ کی برکت سے کرم فرما دیتا ہے میری دُعا ہے کہ اللہ پاک اُمتِ مسلمہ کو خوشحالی عطا فرما دے۔

ترتیب لوح رزق فراخ

اعداد آیاتِ مبارکہ	2024
نام طالب مع والدہ	1063
مقصد حاضری دولت	1249
اسمِ الٰہی یا باسِطُ یا فَتّاحُ	561
ٹوٹل اعداد	4897

کو جفری طلسماتی حرکت دے کر غنا ظاہری و باطنی کے چال سے مربع آتشی پُر کریں انشاء اللہ تعالیٰ صاحب لوح کا رزق فراخ ہوگا۔ اللہ پاک قارئین آئینہ قسمت کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

۷۸۶

۴۸۷۱	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۴۸۷۰	۱۲
۳	۱۶	۹	۴۸۶۹
۱۰	۴۸۶۸	۴	۱۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قارئین محترم! اس چلتے ہوئے دجالی دور میں ہر تیسرا انسان عورت مرد بچہ بچی خاص طور پے جادو ٹونہ، جنات و آسیب کے مسئلہ سے دوچار ہیں اور جادو کی بھی مختلف اقسام ہیں مثلاً تعویزات، پتلے، تالے، ہانڈی اور مسان اس میں ہر ایک جادوئی عمل کا جدا اثر اور پاور ہوتا ہے۔ کاروباری بندش، رشتہ نکاح و شادی کی بندش، دکانداری بندش، محبت صلہ و اتفاق کی بندش، ملازمت، رزق دولت، ترقی، تسخیر اور محبت خاص کی بندش، ترقی علم و روحانیت کی بندش واضح رہے کہ جادو کی بندش بہت مضبوط اور ڈیتھ قسم کی ہوتی ہے۔ اس میں بندش کی ایک اور مضبوط قسم ہوتی ہے مسان کی بندش اس طرح کی جادوئی بندش بہت خطرناک اور جان لیوا ہوتی ہے۔ اور مسان کی پہچان ہر ایک روحانی عامل نہیں کر سکتا۔ مسان کے مریض کو جسم میں شدید جلن چبھن خشکی سر سے پاؤں تک مختلف مقامات میں درد ہوتا رہتا ہے۔ شدید چکر آتے رہتے ہیں شوگر اور بلڈ پریشر لو رہتا ہے کسی بھی ڈاکٹر حکیم کی رپورٹ سے نا تو کوئی بیماری ظاہر ہوتی ہے اور

ناعلاج سے فائدہ ہوتا ہے۔ مریض ہر وقت تھکان، غنودگی، وہم وسوسہ، غصہ پریشانی، ڈرخوف، دہشت، بزدلی، کاہلی، سستی اور مایوسی کی حالت میں رہتا ہے۔ اور ایک اہم نشانی مسان کے مریض کی یہی ہوتی ہے کہ اسے کھڑا کردو یا بیٹھا دو اس کا وجود ہمیشہ دائیں بائیں زور زور سے ہلتا رہتا ہے۔ مسان کے مریض سے سخت بات کریں بھی تو رونے لگ جاتا ہے۔ اگر پیار سے بات کریں پھر بھی اس کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ اس میں خاص طور پر تعویزات، پتلہ، تالا، یا ہانڈی، قبرستان مسلم غیر مسلم ویرانہ یا مسان میں دفن کروائے جاتے ہیں اور اس میں بھی مسان کی خاک ہوتی ہے۔ اور جادوگر سائل سے کہتا ہے کہ یہ مسان کی دم شدہ خاک مریض کو چائے مشروب یا دودھ وغیرہ میں ملا کر پلا دو اور پینے سے ہی مریض مسان کے جادو میں بند اور گرفتار ہو جاتا ہے۔ یاد رہے کہ مسان غیر مسلم جلائے ہوئے مردے کی خاک اور اس کا شیطانی، آسیب و ہمزاد ہوتا ہے تب اسے مسان کہتے ہیں۔

مسان کے توڑ کا عمل

سورۃ فاتحہ کے اعداد، سورۃ بنی اسرائیل امام زمانہ کے اعداد، سورۃ فلق کے اعداد، سورۃ والناس کے اعداد جمع کر کے مربع آتشی تسخیر و حفاظت کے خانے سے پُر کریں اور لوح مبارکہ مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ ساتھ میں حروف نورانی کی اکتالیس پرچیاں پینے کے لئے لکھ کر دیں انشاء اللہ اکتالیس دن تک مریض آسیب اور مسان کی بندش و حرکت سے شفاء کاملہ حاصل کریگا۔ اللہ پاک اُمتِ مسلمہ کو آسیب مسان جادو ٹونہ کے مسئلہ اور پریشانی سے محفوظ رکھے۔ اس عمل کی اجازت شاہ زنجانی صاحب یا برائے راست مجھ سے حاصل کریں اور رجعت سے بچیں۔

۷۸۶

۱	۲۳۶۳۲	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۲۳۶۳۱
۶	۹	۲۳۶۳۴	۳
۲۳۶۳۳	۴	۵	۱۰

تحقیق و تحریر: ڈاکٹر خالد شفیق السیح کلینک نزد ریلوے اسٹیشن گجر

علم جفر کے کرشمات

حرف نٓ

"نٓ و القلم وما یسطرون" نٓ حروف مقطعات یا روحانی حروف سے اسکا تعلق ہے نٓ کے اعداد قمری **50** جنکا مفرد **5** بنتا ہے۔ اور ملفوظی نون کے اعداد **106** ہیں جن کا مفرد عدد **7** ہے اور جدول ابجد شمسی میں نٓ کا مفرد عدد **7** ہیں اور علم علی کے مفرد عدد **7** ہیں یہ عدد روحانیت میں با کمال ہے حرف نٓ کی منزل سماک اور اسکا مؤکل خولائیل نٓ کا عنصر بادی ہے اور سمت اسکی مغرب ہے وہ آسماء جن کے آخر میں حرف آتا ہے وہ اپنے اندر مقناطیسی کشش رکھتے ہیں جو کہ ہر قسم کی بندشیں رکاوٹیں ختم کر کے زندگی کی کامیابی کی راہیں کھل جاتی ہیں اور یہ لوح بند تالوں کی چابی ہے روحانی جسمانی تکالیف گھریلو ناچاقی، روزگار کا نہ ملنا شادی میں رکاوٹ جو کہ ایک بار رشتہ دیکھنے آتے ہیں دوبارہ پلٹ کر نہیں آتے ناکامیوں کے بعد کامیابیوں کا آغاز اور خوشگوار زندگی پیام مسرت اور قسمت کا عروج میں ہونا اس لوح نٓ میں پوشیدہ ہے۔

طریقہ:۔ اپنا نام مکمل و مقصد کے حروف اور نقاط گن کر پھر ان اسماء کے نام کے حروف اور نقاط گن لیں پھر اِن دونوں کو جمع کر کے **21** عدد نفی کر کے خانہ نمبر **13** تا **16** تک لوح کو حروف میں پُر کریں۔

مثال:۔ عرفان رضا کے کاروبار میں ترقی ہو۔ **حروف:**۔ **26** نقاط **10** =**10+26** =**36**

یاحنان یامنان یاسبحان یادیان یاسلطان یاحسن یاحسین کے حروف و نقاط **43** ہیں دونوں کو جمع کیا **43+36** =**79** نفی **21** کیا بقایا **58** کو حروف بنا کر لکھیں علم جفر کے قاعدہ کے مطابق۔

لوح نٓ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صلی علی محمد و علیٰ آل محمد

۱ ا	۱۴ ط ن	۱۱ هو	۸ ح
۱۲ واجب	۷ ز	۲ ب	۱۳ ح ن
۶ و	۹ حا	۱۶ اس	۳ ج
۱۵ س	۴ د	۵ ہ	۱۰ حب

نٓ و القلم و مایسطرون یاحنان یامنان یاسبحان یادیان یاسلطان یاحسن یاحسین عرفان رضا کے کاروبار میں ترقی ہو نٓ نٓ نٓ نٓ

حصار خاص الخاص

از تحریر: مولانا غلام محمد نقشبندی، کراچی

الحمدللہ اب تک سینکڑوں مرد و خواتین اس روحانی عمل سے وابستہ ہو کر صحت یاب ہوئے ہیں۔ یہ عمل اس اعتبار سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ جادو، جنات، بندش، روکاوٹیں، حسد بغض اور کینا اتنا عام ہو چکا ہے ہر گھر میں تقریباً بے برکتی پریشانی معاشی و معاشرتی مشکلات، بندش رشتہ و کاروبار اور اس قسم کے جادو جنات کے دیگر مسائل آئے روز پیش آ رہے ہیں تو پھر کیوں نا ہم اس کا مستقل اور درست سمت میں سدباب کریں۔ کیونکہ فی زمانہ جادو جنات اور اس سے متعلقہ مسائل سے شاید ہی کوئی گھر خالی ہو یا کوئی متاثر نہ ہو۔ تو پھر ہم سب کو حفاظت کے اعمال سیکھ کر اپنے گھر والوں کو اس مصیبت اور ہمارے اعمال کی سزا کے طور پر آنے والی اس مشکل کو حل کرنا سیکھنا چاہئے اس کے ساتھ ساتھ اپنے اعمال کو سنت کے مطابق ڈالنے اور احکامات الٰہیہ کی پیروی کو معمول بنانا چاہئے اس سلسلے میں اپنی حفاظت دفاع اور گھر والوں بچوں کو حفاظت کیلئے یہ عمل ضرور حاصل کرنا چاہئے یہی ایک طریقہ ہے جس کے اختیار کرنے سے بطور تدبیر ہم جادو جنات سے اور سرکش شیاطین کے حملوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو پہلے اپنا روحانی علاج کروا چکے ہیں۔ ان کو حفاظت کی ضرورت ہے تاکہ آئندہ اس قسم کی مشکل سے بچ سکیں اور جو محفوظ ہیں وہ بھی اس عمل کو حاصل کریں تاکہ اس طرح کی کوئی پریشانی ہمیں دکھ نہ پہنچا سکے۔ ہمارے ادارے کا یہ حصار خاص الخاص ایک مجرب عمل ہے جن کا فائدہ دیگر ملکوں اور شہروں تک مریض اور سائل محسوس کرتا ہے خاص کر جادو اور جنات کے متاثر مریضوں کا علاج کرنے اور لے اور کالے و سفلی عالموں سے لڑنے والے عاملین کو لازمی یہ عمل کرنا چاہئے اور اپنے گھر والوں کو بھی کرانا چاہئے۔

یہ عمل میرے اُستاد محترم عامل قوم جنات حضرت مولانا احمد علی پنجگوری نقشبندیؒ کا ایک خاص عمل ہے اس کے پیچھے حضرت والا کے عامل جناب کی جماعتیں کام کرتی ہیں۔ معمول کو اجازت ملتے ہی یہ عامل جنات معمول کی حفاظ کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ سب سے پہلے کچھ اگربتیاں لائے جو 21 دن چل سکیں اور ایک بوت پانی عمل شروع کرنے سے پہلے اپنے سامنے رکھ دیں پھر عمل شروع کریں۔ یاد رہے کہ یہ عمل 21 دنوں پر مشتمل ہے روزانہ بعد نماز عشاء ایک ہی جگہ اور ایک ہی وقت پر قبلہ رُخ پڑھنا ہے۔

1:۔ اوّل و آخر درودِ ابراھیمی 21 مرتبہ

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

2:۔ سورۃ الفاتحہ وصل میم کیساتھ 21 مرتبہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

3:۔ آیت الکرسی مع بسم اللہ 21 مرتبہ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

4:۔ سورۃ الکافرون مع بسم اللہ 21 مرتبہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

قُلۡ یٰۤاَیُّهَا الۡکٰفِرُوۡنَ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ۝

5:۔ سورۃ اخلاص مع بسم اللہ 21 مرتبہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

قُلۡ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اللّٰہُ الصَّمَدُ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

6:۔ معوذتین 21 مرتبہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِکِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

7:۔ دُعا امنت باللہ 21 مرتبہ

اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ وَ کَفَرۡتُ بِالۡجِبۡتِ وَ الطَّاغُوۡتِ وَ اسۡتَمۡسَکۡتُ بِالۡعُرۡوَۃِ الۡوُثۡقٰی لَا انۡفِصَامَ لَهَا وَ اللّٰہُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ

8:۔ آخر میں دُعا حصار صرف 3 مرتبہ پڑھیں

یا حلیم یا کریم یا حافظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا رقیب یا وکیل یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔ بحق کاف، ھا، یا، عین، صاد (کٓهٰیٰعٓصٓ) حامیم، عین، سین، قا (حٰمٓ عٓسٓقٓ)۔ میں نے اپنے آپکو اپنے اہلخانہ کو اور اپنے گھر کے درو دیوار کو محفوظ کیا لا الہ الا اللہ سے میں نے اپنے آپ کو اپنے اہلخانہ کو اور اپنے گھر کے درو دیوار کو حار کیا محمد رسول اللہ سے۔ عمل مکمل ہوا اب مزید تین کام کرنے ہیں۔ (1) اپنے ہاتھوں پر دم رکے ہاتھوں کو پورے جسم پر پھیر دیں اور اسی جگہ بیٹھے بیٹھے چھ جہتی (اوپر نیچے دائیں بائیں اور آگے پیچھے) پھونک مارے۔ (2) اگربتیوں اور پانی پر دم کردے، اگربتی مطلوبہ جگہ صبح اور شام ایک ایک عدد جلائیں اور پانی تمام اہلخانہ پیا کریں۔ (3) اور اس عمل کا ایصال ثواب تمام ارواح حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر ہمارے آقا ﷺ تک اور آپ ﷺ سے لے کر اب تک اور قیامت تک آنے والے تمام مسلمانوں کو اور بالخصوص مجھے اور میرے اساتذہ کرام کی ارواح کو بخش دے تاکہ ان بزرگ ہستیوں کی توجہ آپ کی طرف مرکوز ہو۔

نوٹ:۔ بعداز 21 دنوں کے عمل کو قابو میں کرنے کیلئے اور اس کا روحانی فیض برقرار رکھنے کیلئے صبح اور شام یہ عمل تین تین بار پڑھیں اس عمل کو کرنے کی ہر عام و خاص کو مکمل اجازت ہے نیز اس عمل کو حضرت علامہ احمد علی بجنگوریؒ کی طرف منسوب کرکے ہی کامیابی حاصل ہوسکتی ہے۔ اللہ سے دُعا ہے اس کوشش وسعی کو قبول فرماکر مقبول خاص و عام بنائے میرے اور میرے والدین و اساتذہ کے ذخیرہ آخرت بنائے۔ (آمین)

روحانی عملیات

از تحریر: صوفی ظفر محمد کھوکھر، جھنگ

عمل نمبر 1:۔ مال و دولت خوش بختی کے لئے عمل مبارک

آیت مبارک شریف:۔ یُغۡنِہِمُ اللّٰہُ مِنۡ فَضۡلِہٖ (سورۃ النور آیت 26)

طریقہ عمل:۔ ساعت مشتری سعد دن ہو نوچندی جمعرات ہو اوپر لگی گئی آیت مبارک روزانہ ہزار بار ورد کریں اس کے بعد گیارہ بار درود شریف نماز والا پڑھ کر سجدہ میں اپنے مقصد کی دُعا کریں یہ طریقہ سات دن آٹھویں دن کاغذ پر یہ نقش لکھ کر اوپر والا عمل پڑھ کر کاغذ پر دم کریں پھر نقش تحریر کر کے بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈال لیں عورتیں سر کے بالوں میں باندھ سکتی ہیں رات کو اُتار کر صبح نہا دھو کر باندھ لیں جب بازار جائیں تو یہ عمل لازمی کر کے جایا کریں اس کے بعد روزانہ تین دن اوپر والی آیت اپنے عدد کے مطابق ورد کریں اور گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور اپنے مقصد کی دُعا کریں اور تعویز پر پھونک مار لیا کریں انشاءاللہ اگر توجہ اور زبان پر کنٹرول کر کے یہ عمل کریں قدرت غیب سے ایسے وسیلے بنائے گی جس سے آپ کی تنگی دور خوشحالی شروع ہو جائے گی مال و دولت کی غیب سے مدد کے دروازے کھلیں گے قرآن پاک میں فرمان الٰہی ہے وَ النُّجُوۡمُ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمۡرِہٖ۔ **ترجمہ:۔** ستارے اللہ کے خاص اَمۡر کے پابند ہیں اس فرمان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان ستاروں میں کچھ نہ کچھ اثر ضرور ڈالے گئے ہیں۔

نقش مبارک یہ ہے:۔

جبرائیل بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اسرافیل

یُغۡنِہِمُ	اللّٰہُ	مِنۡ	فَضۡلِہٖ
۹۱	۹۱۴	۱۱۱۶	۶۵
۹۱۳	۸۸	۶۸	۱۱۱۷
۶۷	۱۱۱۸	۹۱۲	۸۹

عزرائیل شَمۡھُورَش میکائیل

فلاں بنت فلاں کے لئے مال دولت
لاکر امیر کرو بحق کلام پاک

ضروری ہدایت غیبی مدد ملنے پر اللہ پاک کے نام کی خیرات کرتے رہیں اگر یہ لوح اَوج مشتری میں لکھیں تو بہت زیادہ بہتر ہے نام لکھتے وقت اگر مرد نے بنانا ہو تو فلاں پر اپنا نام پھر لفظ بن لکھے پھر اپنی والدہ کا نام لکھے اگر عورت نے لکھنی ہو تو فلاں کی جگہ اپنا نام لکھے پھر لفظ بنت لکھ کر اپنی والدہ کا نام تحریر کرے صدقہ دیکر اپنے کام میں لائے مؤکلات کی نیاز چھوٹے بچوں میں تقسیم کریں یا دریا میں ڈالیں۔

عمل نمبر 2:۔ برائے حصول دولت

عمل مبارک:۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَاوَھَابُ یَابَاسِطُ

ترکیب عمل:۔ جو شخص نت نئی مشکلات میں گھیرتا جا رہا ہو، قرض بڑھ رہا ہو، یا ملازمت میں ترقی نہ ہوتی ہو، کاروبار بند ہو جائے، یا بہت تنگی ہو اس عمل کو لازمی کرے آپ خود دیکھ لیں گے خوشحالی۔ روزانہ نماز فجر سنت پڑھنے کے بعد گیارہ بار اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہ ورد کریں پھر گیارہ بار نماز والا درود شریف تلاوت کریں پھر تین سو تیرہ بار اوپر والا عمل پڑھیں پھر اپنے سینے پر پھونکیں اور اپنے گھر کے چاروں کونوں میں پھونک ماریں پھر دُعا مانگ کر ہاتھ منہ پر پھیر کر بقایا نماز پڑھیں کوشش کریں باجماعت نماز پڑھی جائے اسی طرح رات سونے سے پہلے یا نماز عشاء کے بعد پڑھائی کر کے دل پر پھونک مار کر آرام سے سو جایا کریں اگر نیند نہ آئے تو اُٹھ کر چلتے پھرتے رہیں جب نیند کا غلبہ ہو سو جایا کریں اسکی برکت اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے شروع کرنے سے قبل سوا کلو گوشت ویران جگہ نزدیک درخت تھوڑا تھوڑا تین یا سات جگہ ڈال دیا کریں ہر جمعرات حسب طاقت شرینی چھوٹے بچوں کو تقسیم کر دیا کریں۔

عمل نمبر 3:۔ دشمن سے حفاظت اور ناجائز دوستی ختم کرنا یعنی جدائی کرانا ملازمت قائم رکھنے کے لئے عمل

طریقہ عمل:۔ اصحاب کہف کے واقعہ سے ہر مسلمان واقف ہے

سورۃ کہف میں ان بزرگ ہستیوں کا تفصیل سے ذکر مبارک ہے ان کے ساتھ ایک کتا بھی ہے حضور پاک محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا اگر آپ اس کتے کو دیکھ لیں تو خوف سے پیچھے ہٹ جائیں گے اس کتے کا نام بزرگوں نے قطمیر رکھا ہے جس غار میں اصحاب کہف سوئے ہوئے ہیں اس غار کے منہ پر یہ کتا بیٹھا انکی حفاظت کر رہا ہے جس طرح یہ اصحاب کہف اس کتے کی حفاظت میں ہیں اسی طرح یہ نقش معظم جس کے پاس ہوگا وہ دشمنوں سے محفوظ رہے گا دشمن سے حفاظت اور دشمنی دور کرنے کے لئے یہ سادہ نقش کافی ہے اس کے نیچے دشمن کا نام یا افسر کا نام لکھ دیں جس کی وجہ سے ملازمت کو خطرہ لاحق ہے۔

نقش یہ ھے:۔

بحرمت اصحاب کہف ۷۸۶ بحرمت اصحاب کہف

٦٥٧	٦٦٢	٦٦١
٦٦٤	٦٦٠	٦٥٦
٦٥٩	٦٥٨	٦٦٣

فلاں بن فلاں دُشمنی سے باز آئے میری جان مال ملازمت کا خطرہ دُور ہو بحق ایں نقش معظم اصحاب کہف بحق قطمیر

انشاءاللہ حالات جلد آپ کے حق میں ہو جائیں گے دشمن سے محفوظ رہنے اور ملازمت کا خطرہ دُور کرنے کے لئے اصحاب کہف کا نقش مبارک بازو پر باندھیں ایک درخت پر یعنی پھل دار درخت پر لٹکائیں گھر میں درخت نہ ہو تو دیوار پر لکڑی یا بانس پر باندھیں تا کہ ہوا سے ہلتا رہے کبھی کبھار اگر بتی نقش کے نیچے جلا دیا کریں نیاز دو کلو برفی پر سرکار دو عالم محمد ﷺ اور اصحاب کہف ایک بار سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ہدیہ تحفۃً پہنچا کر بچوں بڑوں میں تقسیم کر کے تعویز لکھیں۔

عداوت جدائی تفرقہ ڈالنے کے لئے اصحاب کہف کے نقش کے لئے یہ طریقہ استعمال ہوگا۔ دونوں مخالفین کے عدد لیں اصحاب کہف کے عدد اور قطمیر کے عدد جمع کر کے بارہ عدد تفریق کر کے تین پر تقسیم کریں یہ طریقہ ہوگا ہر آدمی کو سمجھانے کے لئے فرضی نقش بنا دیتے ہیں مریخ یا زحل ساعت میں لکھیں گوگل آگ کے کوئلے پر ڈال کر لکھیں تا کہ دھواں اُٹھتا رہے۔

فرضی اعداد:۔ اعداد مخالف بمعہ والدہ: **1366** فرضی نام دوسرے فریقین بمعہ والدہ عدد: **1366** اعداد اصحاب کہف بمعہ قطمیر: **1980** یہ کل عدد بنے: **4712** تفریق **12** کئے بقایا: **4700** تقسیم تین پر کیا تو نیچے **2** بچا ہے یہ نقش فرض کیا ہے پرانی قبر میں دفن کر دیں دوسرا کیکر کے درخت پر باندھ دیں یا جڑ میں سوراخ کر کے دفن کر دیں بعد میں دُعا کریں۔

نقش لکھتے کا وقت کوئی دوسرا آپ کے پاس نہ ہو باوضو لکھیں دو کلو نمکین چیزیں ہوں بعد میں تقسیم کریں اور گوشت آدھا کلو پاس ہو جو قبرستان ویران جگہ ڈال دیں۔ چال بادی ہے نقش قبرستان میں دفن کرنے کے بعد گھر وضو کر کے آئیں جاتے وقت کسی سے بات نہ کریں باوضو ہو کر جائیں جائز جگہ عمل کریں۔

اجهز ط

١٥٦٧	١٥٧٣	١٥٧٢
١٥٧٥	١٥٧١	١٥٦٦
١٥٧٠	١٥٦٨	١٥٧٤

فلاں بنت فلاں یا فلاں بن فلاں جدائی شُد بحق قطمیر
بحرمت ایں نقش العجل العجل العجل بحق عزرائیل

عمل نمبر4:۔ مالی مشکلات کے حل اور لاعلاج مرض دور کرنے کے لئے لوح پنجتن علیہ السلام

یا شافی بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ یا کافی

١٠٣٤	١٠٣٩	١٠٣٢
١٠٣٣	١٠٣٥	١٠٣٧
١٠٣٨	١٠٣١	١٠٣٦

یا معافی بحقِ محمد ﷺ بحقِ علی مرتضیٰ بحقِ فاطمہ الزہرا بحُرمتِ حسن بحقِ حضرت امام حسین فلاں بن فلاں کی مالی مشکلات حل ہو کر روزی فراخ ہو اگر بیماری ہو تو نام لیں آخر میں لکھیں فلاں کو صحت ہو

تعویز مبارک زعفران گلاب عرق ملا کر لکھ کر پلیٹ میں بھی دے سکتے ہیں ان میں حروف جلدی مٹ جاتے ہیں۔ نقش لکھنے کے بعد ایک سو دس بار نیچے والی عبارت پڑھ کر نقش پر پھونک مار کر پلائیں باندھیں۔

لکھنے کا طریقہ:۔ بروز اتوار ساعت عطارد میں دو نفل معافی گناہ تمام مسلمان کے لئے پڑھے پھر دو کلو مٹھائی پر رسول پاک ﷺ ہدیہ پیش کہہ کر

بچوں میں تقسیم کردیں اگر ٹائم مل جائے تو گیارہ بار نماز والا درود شریف سورۃ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر اوپر والی دُعا کریں زیادہ بہتر ہے اکتالیس تعویز لکھیں زعفران گلاب سے کستوری بھی ڈال دیں ایک نقش روزانہ نماز فجر پڑھ کر پانی میں کھول کر رکھ دیں نماز عصر کی اذان کے بعد مریض کو پلا دیا کریں یہ طریقہ اکتالیس دن کرنا ہے صدقہ ہر ہفتہ بعد دیتے رہیں سوائے موت کے ہر مرض کا علاج ہے لیکن وہی کامیاب ہوگا جس کے دل میں اہل بیت علیہ السلام کی محبت موجود ہوگی ادب احترام ہوگا اس عمل میں یہی پرہیز یہی چلہ عمل شرط ہے کہ ماننے والے حُبِ اہلِ بیت علیہ السلام اپنے اندر پیدا کر کے تجربہ کر سکتے ہیں اللہ پاک کے کتنے نزدیک ہیں عزت میں۔

عمل نمبر5:۔ نایاب عمل حاضرات

آیت شریف:۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَبٍّ رَحِيمٍ (سورۃ یٰسین آیت 58)

طریقہ عمل:۔ سورۃ یٰسین شریف کی یہ آیت مبارک حاضرات کے بہت جلد کامیابی کراتی ہے اس کا عمل کرنے والا عامل اس کلام کو سایہ جنات اور مرض دور کرنے میں پڑھ سکتا ہے اور دور کر سکتا ہے۔ اس کے مؤکلات عامل کی درست راہنمائی کرتے ہیں اور بھرپور روحانی مدد بھی کرتے ہیں یہ نایاب عمل حاضرات ہے حاضرات کے شوقین یہ عمل ضرور کریں انشاءاللہ ناکامی نہیں ہوگی اگر باپرہیز عمل کیا اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے اوّل صدقہ دیں پھر میٹھی چیز گھر لا کر سورۃ یٰسین شریف سورۃ اخلاص اور درود شریف گیارہ بار نماز والا پڑھ کر حضور پاک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اہل بیت اور بزرگان دین اور تمام قرآن پاک کے مؤکلات جنات کو ثواب پہنچا کر بچوں میں تقسیم کر کے نوچندی جمعرات سے عمل شروع کریں اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں تین ہزار ایک سو پچیس بار آیت پاک چالیس دن تلاوت کریں جگہ علیحدہ جس جگہ پہلے دن پڑھیں وہیں ہمیشہ پڑھنا ہے چلّہ کے بعد گیارہ سو بار ورد رکھیں اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف تا کہ عمل قابو رہے جب ضرورت ہو بچے یا بچی جو ہوشیار ہو نمازی ہو اہل علم ہو باوضو اپنے سامنے بٹھائیں آیت الکرسی پڑھ کر بچے پر اور اپنے گھر پر دم کر کے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف نماز والا اور گیارہ سو بار آیت پڑھیں اور بچے کے انگوٹھے پر پہلے تین لگا کر اسے دیکھنے کے لئے کہہ دیں دوسری طرف نگاہ بچہ نہ کرے آپ کے سوال جواب کرتے ہوئے بچے کی آنکھیں انگوٹھے پر رہیں مؤکلات حاضر ہو آپ کے سوال کا جواب دیں گے کام کے بعد اجازت دے دیں۔

محترم قارئین! ہم نے جو نادِ علی با مؤکل کا علم اور کامل عمل اپنے بزرگوں سے پایا وہ نسل در نسل اور سینہ بہ سینہ مخلوق خدا کے فیض کیلئے جاری ہے اور بفضلِ خدا ہر قسم کے مشکل کیلئے آزما چکے ہیں اور اس کو فی سبیل اللہ پیش کر رہے ہیں تا کہ عوام الناس اس سے مستفید ہو سکیں پیر صاحب نے اس مکمل عمل کو ایک نقش کی صورت مخلوط کیا ہے جسکو بعد از اجازت آپ ہر قسم کے کام کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

نقش درج ذیل ھے:

ناد	الهُب	سجدا	تك	یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۵	بولایت
قبرس	۷۲	نمان	جعم	۳	۲۱	لغش
هم وغم	جمدأ	مظهر العج	مولی علیہ السلام	فی النور	جعفا	تارقُ
بعك	۵۲	العجلته	جمعل	۵۱۴	غافَ	كاملِ
یاالله	كلُ	سینجلی	حیدر	تجده عونا	جعل	كلُ
هدایا	جسدا	۴	الم	نورَ	۴	۹
یا العظیم	قدیر	بنبوتك	الجبار	لعظمتك	رحیم	علی

نوٹ:۔ کسی بھی پریشانی، مصیبت، شادی کی بندش، رزق کی تنگی، بانڈ نمبر، حصولِ محبت اور استخارہ کے لئے شاہ صاحب سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

از تحریر: ندیم حیدر جعفری

جفریات: سورۃ رحمٰن کا متبرک عمل برائے جمیع مقاصد

آج ہم جس زمانے میں زندگی گزار رہے ہیں وہ انتہائی پر آشوب دور ہے اور یقینا آنیوالا زمانہ مزید اپنے جلو میں نت نئی افتاد لائے گا۔ اقدار، اخلاقیات بری طرح متاثر ہیں۔ شاید ہی کوئی دن ایسا گزر رہا ہو کہ کوئی بری یا اندوہناک خبر سننے کو نہ ملے۔ غربت اور بیروزگاری بذات خود اک مرض ہے جس سے جاہلیت اور غیر اخلاقیت جیسی خبیث بیماریاں جنم لیتی ہیں اور معاشرہ بگاڑ کا شکار ہو جاتا ہے۔ بزم امروز میں ہم آئینہ قسمت کی وساطت سے اک مجرب عمل دے رہے ہیں۔ جو لوگ جگہ جگہ عاملین کی لوٹ کھسوٹ سے تنگ آ گئے ہوں، بے روزگاری میں مبتلا ہوں کہیں انٹرویو دیا ہو یا دینا ہو، ذاتی کاروبار زوال پذیر ہو تو یقینا اس قرآنی عمل سے زندگی کی خوشیاں پا سکیں گے۔ انسان کوشش کر سکتا ہے۔ ہم تعویذ نویسی تو کر سکتے ہیں تقدیر نویسی یا مقدر کو سنوارنا اللہ کے اختیار میں ہے۔ اس لئے اللہ پر توکل کرتے ہوئے عمل تیار کریں۔ جہاں تک ہمارا مشاہدہ ہے صدفی صد عمل موثر ہے۔ جب ذات منعم آپ کو نواز دے تو غرباء و مساکین کے حقوق ہرگز غصب نہ کریں۔ انشاء اللہ تمام عمر خیر و برکت قائم رہے گی۔ اس عمل میں نہ تو اعداد کا الجھاؤ ہے نہ تکسیر کا بکھیڑا صرف دی گئی چال کے مطابق پر کریں اور استعمال میں لائیں۔

میرے تجربے کے مطابق شرف قمر میں بنائیں جو کہ ہر ماہ آتا ہے۔ یہ اوقات زنجانی جنتری سے دیکھیں۔ بخور قمر سلگائیں اور ہرن کی جھلی یا بھوج پتر پر یا سفید کاغذ پر محلول مشک و زعفران سے تحریر کریں اور **11** مرتبہ سورۃ رحمن ورد کر کے دم کر دیں۔ کاروباری حضرات **4** نقوش بنائیں۔ ایک بازو میں باندھیں، ایک مقام کاروبار پر آویزاں کریں۔ ایک سرسبز درخت میں باندھ دیں۔ آخری نقش پانی میں حل کر کے جائے روزگار پر چھڑکیں۔ کیسا ہی جادو سفلی، نظر بد آسیب اور بندش ہوگی اس روحانی عمل سے باطل ہو جائے گی۔ میں نے مفاد عامہ کیلئے ذاتی نام یا اعداد کی شق بھی نہیں رکھی۔ اس لئے یہ تعویذ ہر ایک کے لئے یکساں فوائد کا حامل ہے۔ عمل کی اثر پذیری برقرار رکھنے کے لئے روز بوقت فجر **1** مرتبہ سورۃ مبارکہ ورد میں رکھیں تاکہ خیر و برکت کا تسلسل برقرار رہے۔ واضح رہے سب سے عمدہ عمل واجبات کی ادائیگی ہے گناہ کبیرہ و صغیرہ سے اجتناب کریں۔ صدق مقال و اکل حلال کی راہ اپنائیں۔ انشاء اللہ محمدؐ و آل محمدؐ کی رحمت سے آپ کے تمام جائز کام ہوتے رہیں گے۔ پریشانیاں مومن کے لئے امتحان ہوتی ہیں اور مشرک و کافر منافق کے لئے عذاب۔ امتحان انبیاء و آئمہ معصومینؑ سے بھی لیا گیا لہٰذا اپنے رب کریم کی رحمت سے مایوس ہرگز نہ ہوں۔ ہر رات کے بعد دن ضرور نکلتا ہے۔ کبھی شک و شبہات میں پڑ کر اپنا عقیدہ خراب نہ کریں۔ ہماری دعا ہے خدا آپ کو دائمی خوشیاں عطا فرمائے۔ آخر میں چھوٹی سی التجا کہ جب آپ اس عمل سے مستفید ہوں ادارہ آئینہ قسمت، محترم شاہ زنجانی، تمام مومنین اور میرے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔ خدا آپ کا حامی و ناصر ہو۔ عمل اور رفتار نقش درج ذیل ہے۔

رفتار نقش

نقش سورۃ رحمٰن

نقش درد شفاء آیات شفاء

مندرجہ ذیل نقش شمع شبستان رضا حصہ دوم میں درج ہے کہ لاعلاج امراض یا ایسا مرض جس میں دوااثر نہ ہورہی ہو بااصلاح تحریر کرکے پلائیں اگر مرض شدید ہوتو چینی کی پلیٹ پرنہار منہ تحریر کرکے پلانے سے خاطر خواہ افاقہ ہوگا حکماء اور ڈاکٹروں کے لئے ان آیات کا ورد نہایت ضروری ہے نقش کے نیچے آیات شفاء اور سات سلام بھی تحریر کریں دق وسل کے لئے نہایت مفید ہے میرا بار ہا کا آزمودہ ہے۔

٦٥٤	٦٦٧	٦٦٤	٦٦١
٦٦٥	٦٦٠	٦٥٥	٦٦٦
٦٥٩	٦٦٢	٦٦٩	٦٥٦
٦٦٨	٦٥٧	٦٥٨	٦٦٣

یاشافی یا کافی یا سلام بحق و یشف صدور قوم مومنین . وشفاء لما فی الصدور یخرج من بطونها شراب مختلف الوابه فیه شفاء للناس . وتنزل من القرآن ماهو شفاء و رحمة للمومنین . واذا مرضت فهو یشفین . قل هو اللذین آمنو ا هدی وشفاء

ش	ا	ف	ی
٨١	٩	٣٠١	شفا
٨	٧٨	٣	٣٠٢
٢	٣٠٣	٧	٧٩

بحق الیس اللہ بکاف عبدہ ط و بحق سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ ط سلام قولامن رب رحیم سلام علیٰ نوح فی الصلمین سلام علیٰ ابراهیم سلام علیٰ موسیٰ و هارون سلام علی ال یٰسین سلام علی علی المرسلین اللہ رب محمد صلی اللہ وسلم

برائے ضد اطفال

یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ بچہ رونے سے باز رہے گا۔

١	٢	٣	٤	٥	٦	٧
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی

مغلوبی دشمنان کے لئے

اگر کبھی دشمن سے ہمکلام ہونے کا موقع ہواوراس سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہوتو ان اسماء کا ورد کرتا رہے انشاءاللہ دشمن مغلوب ہوگا۔ "یا سبوح ، یا قدوس ، یا غفور ، یا ودود " یہ چاروں کلمات مجرب المجرب ہیں۔

برائے اطاعت والدین وآقا

اگر کسی کالڑکا یا ملازم شریر ہو یا بھاگ جاتا ہوتو نافرمان کو مطیع کرنے کے لئے مندرجہ ذیل کی آیت کریمہ کو 313 مرتبہ پڑھ کر پانی پردم کرکے پلائیں یا کھلائیں یا اگر ممکن ہوتو بطور تعویز گلے میں ڈالیں۔ آیت یہ ہیں" واذا اخذ نا من النبیین میثاقهم و منک و من نوح و ابراهیم و موسیٰ و عیسیٰ ابن مریم و اخذنا منهم میثا قاً غلیظاً یسل الصدقین عن صدقهم و اعد لكفرین عذابا الیماً. پڑھنے کے لئے اول وآخر 11 مرتبہ درودشریف اور لکھنے پڑھنے دونوں میں ایک مرتبہ بسم اللہ ضرور ہو دیگر آیات کی درستگی کے لئے قریبی عالم یا حافظ سے رجوع ضرور کیا جائے تاکہ غلطی کا احتمال باقی نہ رہے۔

دیگرنافرمان اولاد کے لئے

21 روز تک نماز عشاء پابندی وقت کے ساتھ 505 مرتبہ ذیل کی آیت پڑھے۔ ربنا هب لنا من ازواجنا و ذریتنا قوة اعین و جعلن للمتیقین اماماً.

برائے دفع بلغم

جس شخص کو بلغمی مرض ہو 7 کنکریاں لاوہری نمک کی لے ہر کنکری پر 7 مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور روز ایک کنکری نہار منہ کھائے انشاءاللہ کلی شفاء ہوگی۔

برائے حاجت روائی

جس شخص کو کوئی سخت حاجت درپیش ہوتو وہ حالت سجدہ میں 40 مرتبہ اس دعا کو پڑھے اور اپنی انگلی سے اشارہ کرتا جائے اور اپنے مقصد کے لئے دعا کرے لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین .

آسیب

از تحریر: زوار ظل حسن، پنڈی بھٹیاں

عربی میں آسیب لگنے یا سحر زدہ ہونے کو "الصرع" اور آسیب زدہ کو "المصروع" کہتے ہیں۔ جبکہ انسانی عقل میں خلل واقع ہوا اور اسے یہ شعور باقی نہ رہے کہ وہ کیا کر رہا ہے یا کیا کہہ رہا ہے یا ابھی کیا کیا ہے۔ یعنی اس کے اقوال کے مابین کوئی ربط نہ ہو۔ یا اس کا حافظہ باقی نہ رہے یا عقل میں خلل کے باعث اس کی حرکات وتصرفات میں خبطی پن پایا جائے یا اس میں سیدھے قدم رکھنے کی ہی قدرت موجود نہ رہے یا اس کے جسم کا توازن ختم ہو گیا ہو تو ایسے شخص کو عربی میں "المصروع" یعنی پچھاڑا ہوا کہتے ہیں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں: آسیب وہ سبب ہے جو جسم کے اعضائے رئیسہ کو ان کے افعال سے بالکل روک دیتا ہے۔ جس کی وجہ وہ غلیظ ہوا، جو دماغ کے مساموں سے نکلتی ہے وہ روک دی جاتی ہے۔ اس کی وجہ جنات، شیاطین ہوتے ہیں۔

جنات اور شیاطین کے ذریعے آسیب زدگی

قرآن مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ الذین یا کلون الربو الا یقوب مون الا کما یقوم الذی یتخبطه الشیطان من المس "سود خور لوگ نہ کھڑے ہوں گے۔ مگر اسی طرح جس طرح وہ کھڑا ہوتا ہے، جسے شیطان چھو کر خبطی بنا دے۔" امام القرطبی فرماتے ہیں: اس آیت میں جنوں کے ذریعے آسیب زدگی کا انکار کرنے والوں کے لیے واضح دلیل موجود ہے اور ان لوگوں کے انکار کی دلیل بھی ہے جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ سب طبیعتوں کا فعل ہے۔ شیطان نہ انسان میں ہاتھ ڈالتا اور نہ ہی اس کے چھونے سے کوئی آسیب زدہ ہوتا ہے۔ طبری کے نزدیک بھی اس آیات سے مراد یہ ہی ہے کہ جنات ہی آسیب کا سبب ہیں اور یہ جسم میں داخل ہو کر یا چھو کر آسیب کی شکل میں گزند پہنچاتے ہیں۔ بالجملہ جس کو علم، عقل اور معرفت میں سے تھوڑا سا حصہ بھی ملا ہے ان میں سے کوئی بھی اس قسم کے "صراع" یا آسیب کے وجود سے انکار نہیں کر سکتا ہے۔ خبیث ارواح کا اکثر تسلط ان ہی لوگوں پر ہوتا ہے جن کے اندر دینداری کم ہو یا ان کے دل اور زبانیں حقائق ذکرِ ایمانی اور نبوی تحصنات (تحفظ کے طریقوں یا قلعہ بندیوں) میں خراب یا شک وشباہت کا شکار ہوئی ہوں۔ پس ارواح خبیثہ اس شخص پر جلد آ جاتی ہیں جس کے پاس کوئی ہتھیار نہ ہوں اور کبھی عریاں حالت میں بھی اس کا اثر ہو جاتا ہے۔

آسیب کی علامات

مریض کی آنکھوں کا بند ہو جانا، پتلیوں کا کسی طرف حد درجہ گھوم جانا، نگاہوں کا کسی ایک نقطہ پر جم جانا، سختی کے ساتھ ہاتھوں اور انگلیوں کا اکڑ جانا، آنکھوں کا بند ہو جانا، بازوؤں کا اکڑ جانا، آنکھوں کا انگاروں کی طرح سرخ ہو جانا، جسم میں شدید رعشہ اور کپکپاہٹ کی کیفیت پیدا ہو جانا، چیخنا چلانا، گالی گلوچ بکنا، رونا، پکارنا، آواز کا بھاری ہو جانا، آواز کا بدل جانا، عجیب وغریب زبانوں کا بولنا اپنا نام بھول جانا، شدید جھٹکے کھانا، منہ سے تھوک رال جھاگ کا نکلنا، ناک سے غلاظت کا نکلنا، بے ہوشی یا نیم بے ہوشی کے دورے پڑنا، ڈر کر چھپنا، اجنبی زبان میں باتیں کرنا، قدم سیدھے نہ پڑنا، ٹکریں مارنا، بالوں کو نوچنا، کپڑے پھاڑنا، مرد کا عورت اور عورت کا مرد یا ان دونوں میں سے کسی کا بچہ یا جانور کی زبان میں بولنا اور بدن کا غیر متوازن ہو جانا، دل میں شدید درد کا اٹھنا، سر چکرانا، آنکھوں کا اوپر لگ جانا، دانتوں کا مضبوطی سے بند ہو جانا، عجیب وغریب آوازوں کا نکالنا۔

آسیب زدگی کے بعض اسباب

انسانوں پر آسیب زدگی جن چند وجوہات کی بنا پر ہو سکتی ہے۔ ان میں شہوت، نفسانی خواہشات اور عشق محبت شامل ہیں۔ جس طرح یہ چیزیں ایک انسان اور دوسرے انسان کے مابین ہوتی ہیں۔ اسی طرح شیاطین اور انسانوں کے درمیان بھی ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات یہ چیزیں بغض، بدلہ، کینہ کے سبب سے بھی ہو سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر اگر جنوں کو انسان کوئی تکلیف پہنچائے یا انہیں یہ بدگمانی ہو جائے کہ فلاں انسان نے عمداً ان کو

تکلیف پہنچائی ہے یا پہنچا رہا ہے۔ خواہ ایسا ان میں سے کسی پر پیشاب کرنے کی صورت میں ہو یا ان کی اولاد میں سے کسی پر گرم پانی پھینکنے یا بدبو غلاظت، کوڑا کرکٹ پھینکنے سے ہو یا ان میں سے کسی کو قتل کرنے کی صورت ہو۔ حالانکہ وہ انسان اس بات سے سرے سے لاعلم بھی ہو۔ تب بھی وہ ان کے ظلم وستم کا شکار بن سکتا ہے۔ چونکہ ان میں جہالت کے ساتھ ظلم کرنے کا مزاج بھی ہوتا ہے۔ اس لیے اکثر وہ اس انسان کو جس سزا کا مستحق سمجھتے ہیں، سزا دینے لگ جاتے ہیں۔ کبھی کبھی یہ شر جنوں اور شیاطین کی طرف بلاوجہ یا محض کھیل تماشہ کی خاطر بھی ہوسکتا ہے۔ بہرحال وجہ چاہے کچھ بھی ہو مگر اس میں انسانی جان کو خطرہ ضرور لاحق ہوتا ہے۔

احتیاطی تدابیر

اب جبکہ یہ بات معلوم اور ثابت ہوچکی ہے کہ شیاطین کے خطرات سے کوئی شخص کسی بھی وقت محفوظ و مامون نہیں ہے۔ لہٰذا ہر مومن کو چاہیے کہ ان سے تحفظ کے لیے تدابیر اختیار کریں۔ جو زود اثر اور مجرب ہونے کے ساتھ ساتھ عام اور فہم بھی ہوتا کہ ہر فرد ان سے یکساں مستفید ہو۔

حرز ابودجانہ رضی اللہ عنہ

حرز ابودجانہؓ ہر قسم کے سحر آسیب اور ہر اس کیفیت کے لیے جو جنات، شیاطین کے شر سے مربوط ہوں۔ خصوصاً ایسے افراد کے لیے جن کو آسیب کی وجہ سے ''دورے'' پڑتے ہوں یا آسیب کبھی کبھی جسم میں حاضر ہوتا ہو۔ ایسا عموماً چاند کے آغاز میں یا آخر میں ہوتا ہے۔ جس سے ''زائد النور'' اور ''ناقص النور'' کہتے ہیں۔ ہندی میں ایسے اثرات ارواحِ خبیثہ، منگلا، چنڈی، کپالتی، مہندری سے منسوب کیے جاتے ہیں۔ جو انسانوں کے جسم میں خون کی مٹھاس اور شہوت کی خاطر داخل ہوتی ہیں اور مقصد کی تکمیل کے بعد جسم سے جدا ہوجاتی ہیں۔ اس حالت میں مریض کا اپنے اوپر کوئی کنٹرول نہیں ہوتا اور وہ عجیب وغریب آوازیں نکالتا ہے۔ اس کے جسم میں کئی گناہ طاقت آجاتی ہے۔ منہ سے جھاگ بہنا شروع ہوجاتی ہے۔ آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔ یہ کیفیت ایک گھنٹے سے ''نو'' گھنٹے تک ہوسکتی ہے۔ ہوش آنے کے بعد جسم بوجھل ہوجاتا ہے۔ دماغ چکراتا ہے، آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ یادداشت کمزور ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ رفتہ رفتہ وہ انسان موت کی آغوش میں چلا جاتا ہے یا پھر ذہنی توازن کھو بیٹھتا ہے۔ اسی طرح ایسی بالغ لڑکیوں کے لیے بھی حرز ابودجانہؓ مفید ہے، جو کسی بھی وجہ سے آسیب وسایہ کے جکڑ میں گرفتار ہوگئی ہوں، چاہے وہ تیز خوشبو لگانے کی وجہ سے یا پھر ننگے سر ہونے کی وجہ سے ہوں۔ جنات اور شیاطین مذکر کی نسبت مونث کے زیادہ گرویدہ ہوتے ہیں اور خوبصورتی، بناؤ سنگار کی وجہ سے ان کی طرف راغب ہوتے ہیں۔ اس لیے مردوں کی نسبت خواتین آسیب کی زد میں زیادہ آتی ہیں۔ بہرکیف یہ حرز جو حضورِ اکرمؐ نے حضرت علیؑ کو تعلیم فرمایا اور آپ نے یہ حرز حرز ابودجانہؓ کو دیا تو اس کی برکت سے جنات ان کا گھر یہ کہتے ہوئے چھوڑ گئے کہ اے ابودجانہؓ تو نے تو ہم کو جلا دیا ہے، جب تک ہم زندہ ہیں، کبھی بھی تمہارے گھر نہ آئیں گے اور نہ ہی اس گھر اور اس شخص کے قریب آئیں گے، جس کے پاس یہ حرز ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا فَهٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعُمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ٥ حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَتْ اَعْدَآءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

اگر آسیب کو حاضر کرنا مقصود ہو

جب مریض حالتِ غشی میں ہو تو مریض کی چھینگا کو پکڑ کر سورۃ یٰسین کی تلاوت کی جائے تو آسیب بدن میں حاضر ہوجاتا ہے اور ہم کلام ہو کر ہر قسم کے سوال کا جواب دیتا ہے۔ مگر اس تمام عمل کے دوران حصار قائم رکھنا ہوگا اور انگلی کو مضبوطی سے پکڑے رکھنا ہوگا۔ کیونکہ آسیب کی گردن اسی انگلی میں ہوتی ہے۔ اگر آسیب زدہ شخص کو ہوش میں لانا ہو تو سورہ نور کی آخری تین آیات پانی پر دم کرکے مریض کے منہ پر چھینٹے مارے جائیں تو مریض فوراً ہوش میں آجاتا ہے۔ اگر آسیب کو بھگانا یا جلانا مقصود ہو تو یہ ذیل کا نقش آسیب زدہ کے بازو کے ساتھ باندھ دیں تو انشاءاللہ جتنا بھی قوی اثر آسیب

ہوگا۔ فوراً بھاگ جائے گا۔ اگر آسیب کو جلانا مقصود ہو تو اس طلسم کو کاغذ پر لکھ کر آسیب زدہ کو دھونی دیں۔ انشاء اللہ آسیب جل کر راکھ ہو جائے گا اور مریض ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اس مرض سے چھٹکارا پا جائے گا۔

یہ نقش مریض کے بازوؤں کے ساتھ باندھیں۔

لا اله	الا اللہ	محمد	رسول	اللہ
یا اللہ	یا رحمٰن	یا رحیم	یا ستار	یا غفار
یا کریم	یا وھاب	یا بدوح	یا غفور	یا شکور

ابلیس
فرعون
نمرود
عاد
ثمود قارون
ہامان
سامری
شیطان
ابوجھل
ابولھب
ابوسفیان
ھو جمیل
ھندہ
لعین
رذیل
ڈائن
ڈاکنی
بھوت
شیاطین

یہ فتیلہ جلانے کے لیے مجرب ہے۔

حرز جناب امیرالمومنین علیہ السلام

یہ حرز حفظِ شرِ جنات، شیاطین، سحر، جادو و دیگر ارضی و سماوی سے محفوظ رہنے کے لیے اپنی مثال آپ ہے۔ یہ تمام اعمال مجربات میں سے ہیں۔ اس حرز کے کرشمے بارہا مرتبہ اپنی آنکھوں دیکھیں ہیں۔ آسیب زاد ہزدہ کے جسم کے ساتھ باندھتے ہی آسیب جل کر راکھ ہو جاتے ہیں۔ جنات اس حرز کی تاب نہیں لا سکتے۔ ارواح خبیثہ جن، بھوت، ڈین، ہمزاد، دیو، پری، غرض تمام شریر مخلوق اس حرز کے سامنے بے بس نظر آتے ہیں۔ یہ حرز آسیب زدہ، سحر زدہ کے لیے آہنی قلعہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس حرز کو بروز جمعرات بعد از نماز فجر، عرق و زعفران سے لکھ کر مریض کے دائیں بازو پر باندھیں۔

بسم اللہ الرحمٰنِ ای کنوس ای کنوش آرہ شش غطللبح یا مططرون قوماً لیسون ما وماس ماو ما سا ساما سوما طملها لوس حنطوس مسفقلیش مساصعوس مسامعوس افرطعوس لطیفکس لطیفوس ھذا ھذا وما کنت بجانب المغربی اذ قفینا الی موسیٰ الامر یا فلاں وما کنت من الشاھدین اخرج بقدرۃ اللہ منھا و الا کنت من المسجونین اخرج منھا فما یکون لك ان تتکبر فیھا فاخرج انك من الصاغرین اخرج منھا مذموماً مدحورا ملعونا کما لعنا اصحاب السبت وکان امر اللہ مفعولا اخرج یا ذالمنخرون اخرج یا سوراً سوراً سوراً بالاسم المخزون یا ططرون طرعون مراعون تبارك اللہ احسن الخالقین یاھیاً یاھیاً شراھیاً حیا قیوما بالاسم المکتوب علی جبیتھ اسرافیل اطر دواعن صاحب ھذا الکتاب کل جن و جنیه و شیطان و شیطانۃ و تابع و تابعه و ساحر و ساحرۃ و غول و غوله و کل متبعث و عابث یعبث یا بن آدم ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلے علے محمد وعتریۃ الطیبین الطاھرین۔

آگ تھے ابتدائے عشق میں ہم
ہو گئے خاک انتہاء ہے یہ

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

آتشی برجوں کے آئینے میں محبت کے رنگ ڈھنگ

اب تک ہم آبی اور ہوائی بروج کے انداز و اظہار محبت پر بات کر چکے ہیں۔ بے شک یہ دونوں عنصر رومان پسند ہیں اور ان کی زندگی میں اگر عشق و محبت کی دلچسپیاں نہ ہوں تو انہیں اپنی زندگی بے کار اور بور محسوس ہوتی ہے۔ بقول مرزا غالب، یہ وہی لوگ ہیں جو چاہتے ہیں۔ بیٹھے رہیں تصور جاناں کیے ہوئے۔

ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں کہ آبی یا ہوائی بروج کے ساتھ اگر آتشی یا خاکی بروج کا امتزاج ہو جائے تو صورت حال خاصی تبدیل ہو جاتی ہے پھر ان لوگوں کی محبت کے انداز اور اظہار میں جوش و ولولے کے ساتھ عملیت پسندی بھی نظر آتی ہے، یہ ایک علیحدہ موضوع ہے جو بہت زیادہ طوالت اختیار کر سکتا ہے کہ مختلف عناصر کے باہمی امتزاج کے نتیجے میں کس قسم کی شخصیت اور محبت وجود میں آتی ہے اور پھر اس کا انداز و اظہار کیا رنگ دکھاتا ہے۔ مغرب میں اس موضوع پر ضخیم کتابیں لکھی گئی ہیں جو انسانی نفسیات کے دلچسپ اور حیرت انگیز پہلوؤں کو اجاگر کرتی ہیں۔

آتشی بروج کا انداز محبت

بارہ بروج میں تین برج آتشی عنصر رکھتے ہیں، ان تینوں برجوں کی تکون میں پہلے نمبر پر حمل (Aries)، دوسرے نمبر پر اسد (Leo) اور تیسرے نمبر پر قوس (Sagittarius) ہے۔ تینوں اگرچہ آتشی عنصر رکھتے ہیں لیکن اپنی ماہیت اور فطرت میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں، حمل منقلب (Movable) ہے، اسد ثابت یعنی استقلال کا حامل ہے تو قوس ذوجسدین (ڈبل باڈی سائن) ہونے کی وجہ سے تغیر پذیر بھی ہے اور ٹھہراؤ کا حامل بھی، تینوں کے بنیادی نظریات اور دلچسپیوں میں بھی نمایاں فرق ہے۔ آیئے تینوں کی محبت کے رنگ ڈھنگ پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

برج حمل کا انداز محبت

برج حمل دائرہ بروج کا پہلا برج اور اپنی ماہیت کے اعتبار سے منقلب (Cardinal) ہے۔ اس کا حاکم سیارہ مریخ ہے۔ اپنی فطرت میں یہ مذکر اور تغیر پذیر ہے۔ اس کا حاکم مریخ طاقت و توانائی، جنگ اور جرأت و ہمت کا ستارہ کہلاتا ہے۔ حمل افراد کی بنیادی خصوصیات میں پہل کاری، قیادت اور بھرپور توانائی کا اظہار شامل ہے۔ یہ لوگ اپنی پہل کاری کی خصوصیت کی وجہ سے انتظار کرنے کے قائل نہیں ہوتے۔ محبت میں نہایت پرجوش اور سرگرم نظر آتے ہیں۔ جب یہ کسی کو پسند کر لیں تو اظہار محبت کرنے میں دیر نہیں لگاتے بلکہ باقی معاملات بھی جلد از جلد طے کر لینا چاہتے ہیں۔ برج حمل کو بے صبرا بھی کہا جاتا ہے۔ یہ اپنے عمل کا فوری نتیجہ دیکھنا چاہتے ہیں۔ لہذا محبت کے معاملے میں ان کی سرگرمی اور جوش و خروش قابل دید ہوتا ہے۔ بقول شاعر

تیرے کوچے اس بہانے مجھے دن سے رات کرنا
کبھو اس سے بات کرنا کبھو اس سے بات کرنا

بے قراری اور جلد بازی برج حمل کا خاصا ہے اور اس حوالے سے یہ لوگ کوئی عملی قدم اٹھانے سے پہلے کچھ سوچنے سمجھنے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتے۔ ان کی خود اعتمادی بہت زیادہ ہوتی ہے۔ لہذا ہر قسم کے خطرات کی پروا کیے بغیر ان کے قدم آگے ہی آگے بڑھتے رہتے ہیں۔ حمل مرد ہو یا عورت دونوں بہت جلدی فیصلہ کرتے ہیں۔ اگر آپ نے ان کے سامنے فیصلہ کرنے میں دیر کر دی تو وہ آپ کا انتظار نہیں کریں گے۔ گویا حمل افراد کی محبت میں ٹھہراؤ اور گہرائی نہیں ہوتی جب انہیں جو چیز پسند آ گئی، بس اسی وقت بچوں کی طرح اس کے حصول کے لیے مچلنے لگیں گے اور عموماً اسے حاصل کر کے ہی چھوڑیں گے۔ ایک

مرتبہ جب وہ اپنی پسندیدہ چیز کو حاصل کر لیں تو پھر ان کی دلچسپی کم یا ختم بھی ہو سکتی ہے، وہ کسی دوسری انوکھی چیز کے لیے دلچسپی محسوس کر سکتے ہیں۔ برج حمل کی یہ تغیر پذیری کسی پائیدار محبت کا امکان کم کر دیتی ہے۔ البتہ حمل کے ساتھ اگر کوئی آبی (Scorpio) یا خاکی برج (Tauras) موجود ہو تو حمل کی تغیر پذیری میں کمی آ سکتی ہے۔

برج حمل کا نشان مینڈھا ہے اور آپ نے دیکھا ہوگا کہ مینڈھے کو اگر چیلنج کیا جائے یعنی صرف ہاتھ کے اشارے سے اسے دعوت مبارزت دی جائے تو وہ فوراً اپنا سر نیچے جھکا کر پیچھے کی طرف ہٹنا شروع کر دیتا ہے تا کہ تیزی کے ساتھ آپ پر حملہ آور ہو۔ بس یہی خصوصیت حمل افراد میں بھی نظر آئے گی یعنی چیلنج قبول کرنا۔ اکثر یہ لوگ محبت کو بھی ایک چیلنج سمجھ کر قبول کرتے ہیں اور جب وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو پھر ان کی دلچسپی ختم ہو جاتی ہے۔ اب انہیں کوئی نیا چیلنج چاہیے ہوتا ہے۔ جوزا، اسد، قوس اور دلو ایسے برج ہیں جو حمل افراد کے لیے زندگی بھر ایک چیلنج بنے رہتے ہیں۔ لہٰذا ان لوگوں سے حمل افراد کے تعلقات لمبے عرصے تک چلتے ہیں اور ان کی دلچسپی کبھی کم نہیں ہوتی۔

برج حمل مریخی اثرات کی وجہ سے ایک جنگجو برج ہے۔ لہذا کسی بھی قسم کی پارٹنر شپ کے لیے زیادہ موزوں نہیں سمجھا جاتا۔ یہ لوگ مزاجاً سرکش، شعلہ صفت اور تند خو ہوتے ہیں۔ اسی لیے دوسروں کی سرکشی اور تند خوئی ان کے لیے ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں یہ فوراً مقابلے پر اتر آتے ہیں اور مینڈھے کی طرح جوابی کاروائی کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔ اگر کسی حمل شخصیت کے انفرادی زائچے میں کوئی نرم گوشہ موجود نہ ہو تو اس کے ساتھ تعلقات نبھانا بڑا ہی مشکل کام ہوگا۔ حمل مرد و خواتین کے تعلقات ان کی پسند کے مطابق ہوتے ہیں اور پھر مزید طرفہ تماشہ یہ کہ یہ لوگ اپنے محبوب یا شریک حیات یا شریک کار کو اپنا ماتحت دیکھنا چاہتے ہیں۔ اس صورت میں محبت کے بنیادی اصول مجروح ہوتے ہیں۔ لہذا برج حمل کو ایک جنگجو برج تو کہا جا سکتا ہے لیکن لوسائن Love Sign نہیں کہا جا سکتا۔ بہر حال اس بات کا یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ حمل افراد محبت نہیں کر سکتے لیکن یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب برج حمل کے ساتھ قمری یا پیدائشی برج آبی یا ہوائی ہو۔ حالانکہ ایسی صورت بھی محبت کے اعلیٰ روایتی معیار کو جنم نہیں دے سکتی جو محبت کا طرۂ امتیاز ہے۔ دوسرے معنوں میں یوں سمجھ لیں کہ حمل افراد قربانی دینے والے نہیں ہوتے۔ جبکہ محبت بہر حال قربانی مانگتی ہے۔ حمل افراد اسی تعلق کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں جو ان کی پسند کے مطابق ہو، مزید یہ کہ وہ اپنی پسندیدہ ہستی کی صحبت سے محظوظ ہوتے ہوں وہ ان کے لیے بوریت اور کسی پریشانی کا سبب نہ ہو۔ فرماں بردار اور اطاعت گزار ہو۔ محبت میں پر خلوص اور ایماندار ہو۔ حمل افراد کو محبت کے معاملے میں چیلنج دینے والی طاقتور شخصیات میں بڑی کشش محسوس ہوتی ہے اور ایسی شخصیات میں سرفہرست خود برج حمل ہے۔ لہذا دو حمل افراد خاص طور سے مرد و خواتین پہلی ہی نظر میں ایک دوسرے سے متاثر ہو سکتے ہیں لیکن ان کی جوڑی سخت تباہ کن بھی ثابت ہو سکتی ہے۔ کیونکہ "دو باس" ایک جگہ اکٹھا نہیں رہ سکتے اور یہ دونوں پیچھے ہٹنا یا ہتھیار ڈالنا بھی نہیں جانتے۔ جب ان کے درمیان کسی بات پر اختلاف شروع ہوگا تو پھر علیحدگی پر ہی ختم ہوگا۔ دوسرے نمبر پر حمل افراد کے لیے عقربی لوگ بڑی دلچسپی کا باعث ہوتے ہیں اور عقرب کو بھی حمل افراد میں بڑی کشش محسوس ہوتی ہے لیکن یہ جوڑی بھی بڑی خطرناک ہے۔ دونوں جنگجو برج ہیں اور دونوں زندگی بھر ایک دوسرے پر برتری حاصل کرنے کی کوشش میں لگے رہیں گے جس کا نتیجہ مستقل خانہ جنگی کی صورت میں ظاہر ہو گا۔ حمل افراد کو کسی بھی قسم کی شراکت اور تعلقات میں بہت اچھے انداز میں ہینڈل کرنے والے برج جوزا، میزان اور دلو ہیں۔ جوزا کی ذہانت، ہوشیاری اور معاملہ فہمی، میزان کی توازن پسندی اور مصلحت اندیشی، برج حمل کو آسانی سے کنٹرول کر لیتی ہے جبکہ برج دلو کی بے نیازی اور جدت پسندی خود برج حمل کے لیے ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ وہ اسے اپنے پیچھے لگانے کی فطری کوشش میں بالآخر خود اس کے پیچھے لگ جاتا ہے۔

برج اسد کا انداز محبت

دائرہ بروج کا پانچواں اور آتشی تکون کا دوسرا برج اسد ہے۔ فطری اور کسی بھی زائچے میں پانچواں گھر محبت، اولاد، اضافی آمدن، وجدانی توانائی، شعور اور خوشی سے منسوب ہے۔ گویا برج اسد محبت کا برج ہے۔ اس کا نشان شیر اور ماہیت ثابت (Fixed) ہے۔ حاکم سیارہ شمس یعنی سورج ہے جسے ہمارے

نظام شمسی میں مرکزی حیثیت حاصل ہے یعنی تمام سیارے سورج کے گرد گھوم رہے ہیں لہٰذا شمس کو ایک حکمران کا درجہ حاصل ہے۔ برج اسد کو بادشاہوں کا برج کہا جاتا ہے۔ اسی لیے اسدی افراد کے طور طریقوں میں ایک شاہانہ رنگ جھلکتا ہے۔ ان کی انا کا پرچم بہت بلند رہتا ہے۔ ان کی زندگی میں کم تر اور گھٹیا چیزوں کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔ یہ لوگ اعلیٰ پوزیشن پر کام کرنا پسند کرتے ہیں۔ محبت کے معاملے میں بھی اسدی افراد کسی سے پیچھے نہیں رہتے مگر ان کی محبت کا انداز اور اظہار سب سے مختلف ہے۔ یہ لوگ بنیادی طور پر عاشق یعنی چاہنے والے ہوتے ہیں لیکن معشوق بننا ان کے مزاج کے خلاف ہے کیونکہ ان کی انا محبت میں بھی بلند رہتی ہے اور یہ کسی کے سامنے سر جھکانا پسند نہیں کرتے۔ گویا محبت میں بھی حاکمیت و اقتدار کا تصور موجود ہے۔

بندگی میں بھی وہ خود بین و خود آراء ہیں کہ ہم
الٹے پھر آئے درِ کعبہ اگر وا نہ ہوا

اسد افراد جب کسی پر عاشق و فریفتہ ہوتے ہیں تو انہیں عموماً اس بات کی زیادہ پروا نہیں ہوتی کہ ان کا محبوب بھی انہیں چاہتا ہے یا نہیں یا وہ ان سے کتنی محبت کرتا ہے۔ دوسرے معنوں میں وہ بنیادی طور پر ایک جمال پرست ہیں یعنی حسن و خوب صورتی سے انہیں عشق ہے۔ یہ حسن و خوب صورتی جہاں بھی نظر آئے وہ اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے، اس کی محبت میں گرفتار ہو سکتے ہیں، اگر مناسب جوابی توجہ نہ ملے تو ممکن ہے اس داغ کو دل پر لے کر آگے بڑھ جائیں لیکن جواباً محبت اور خلوص کا اظہار کیا جائے اور ان کے جذبات کو سراہا جائے تو بہت خوش ہوں گے۔ محبت میں کامیابی اور کسی بھی نوعیت کی رفاقت میں وہ یہ ضرور دیکھتے ہیں کہ ان کا شریک کار یا شریک حیات فرماں بردار اور اطاعت گزار ہے یا نہیں اور ان سے کس حد تک متاثر و مرعوب ہے، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ سرکشی، بغاوت اور مخالفت کی وجہ سے ان کا عشق ختم ہو جاتا ہے اور وہ اس سے نفرت کرنے لگتے ہیں۔ محبوب کی سرکشی بھی انہیں محبوب ہوتی ہے۔ البتہ اس صورت میں اس پر ان کی عنایات اور مہربانیاں کم ہو جاتی ہیں۔

نپولین اور جوزیفائن

اسد افراد کی مثالی محبت کا ایک شاندار کیس فرانس کے عظیم شہنشاہ نپولین بوناپارٹ کا ہے۔ اس نے بادشاہ بننے سے قبل جوزیفائن سے محبت کی تھی اور اس کی یہ محبت یا پسندیدگی کبھی کم نہ ہوئی۔ اگرچہ بعد میں جوزیفائن نے اس کے ساتھ بڑی زیادتیاں کیں یہاں تک کہ بے وفائی کی بھی مرتکب ہوئی مگر نپولین کی اس سے محبت اور دلچسپی اس وقت بھی قائم رہی جب ان دونوں کے درمیان علیحدگی ہو چکی تھی۔ نپولین اور جوزیفائن کے عشق کا قصہ اب تاریخ کا ایک اہم باب ہے۔ اسدی محبت کو سمجھنے کے لیے اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

تینوں آتشی بروج میں برج اسد محبت کے معاملے میں جتنا گرم جوش اور سرگرم ہے، اتنا ہی مستحکم مزاج بھی ہے۔ یہ خصوصیت حمل اور قوس میں نہیں ہے۔ اسدی مرد و خواتین جب ایک بار کسی سے محبت کرتے ہیں تو دل کی گہرائیوں سے اور پوری سچائی کے ساتھ اس کا ساتھ دیتے ہیں لیکن جواباً ایسی ہی محبت اور سچائی مکمل وفاداری کے ساتھ انہیں چاہیے ہوتی ہے۔ ابتداء میں ان کی محبت دیوانگی کی حد تک جا سکتی ہے جو کبھی کبھی ان کے محبوب کے لیے پریشانی کا باعث بھی بن سکتی ہے مگر پھر جب انہیں یقین آ جائے کہ ان کا محبوب ان کی دسترس سے باہر نہیں ہے اور بے وفائی نہیں کرے گا تو وہ نارمل ہو جاتے ہیں۔

محبت اور رفاقت میں اسد افراد کو اعلیٰ معیار کے ساتھ ذاتی تعریف و توصیف کی بھی ضرورت ہوتی ہے یعنی وہ اپنے محبوب یا رفیق کار سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ ان کی تعریف کرے اور ان کی اعلیٰ صفات کا برملا اظہار کرے۔ برج اسد تعریف اور خوشامد سے خوش ہوتا ہے اور تنقید برداشت نہیں کر سکتا لہٰذا اسدی افراد کی بیویوں اور شوہروں کو اس نکتہ پر توجہ دینا چاہیے تاکہ گھر کا ماحول خوش گوار رہے اور باہمی محبت میں اضافہ ہو۔ اسد افراد محبت کی ابتدا میں جتنے پر جوش اور سرگرم ہوتے ہیں، شادی کے بعد اتنے ہی محتاط اور بظاہر سرد مزاج نظر آتے ہیں، دراصل وہ اپنی محبت کا اظہار بھی بڑے باوقار اور لیے دیے انداز میں کرنے کے قائل ہوتے ہیں، اسدی افراد کی محبت میں بچگانہ طور طریقے نہیں ہوتے بلکہ یہاں بھی وہ ایک شاہانہ انداز میں نظر آتے ہیں۔ اپنی محبت کا اظہار اپنی فیاضی اور دریا دلی کے مظاہروں سے کرتے ہیں۔ محبوب کے حسن و جمال کی تعریف میں بھی وہ بہت اختصار سے کام لیتے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہو گا کہ اسد افراد دوسروں کی تعریف کرنے میں خاصے کنجوس واقع ہوئے ہیں۔

دوسرے معنوں میں صرف اپنی تعریف ہی ان کے پیش نظر ہوتی ہے۔

کسی اسد مرد یا عورت کے دل میں جگہ بنانا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ یہ لوگ عام اور سطحی انداز سے متاثر نہیں ہوتے۔ آپ کو اپنی شخصیت اور کردار میں تمام اخلاقی اور معاشرتی اعلیٰ معیارات پر توجہ دینا ہوگی اور اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ اپنی مالی حیثیت کا بھی جائزہ لینا ہوگا کیونکہ اسد افراد کسی مرحلے پر بھی آپ کی کنجوسی یا کفایت شعاری کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔ اگر آپ ان کے ساتھ سیر و تفریح کا پروگرام بنائیں یا انہیں کھانے پر مدعو کریں تو کسی مرحلے پر بھی انہیں یہ محسوس نہ ہونے دیں کہ آپ نے کہیں کنجوسی سے کام لیا ہے۔ یہ ممکن ہے کہ ایسے کسی موقع پر وہ آپ سے بڑھ کر فیاضی کا مظاہرہ کریں تو آپ کو ان سے کسی طور پیچھے نہیں رہنا چاہیے ورنہ آپ ان کی نظر سے گر سکتے ہیں۔ دراصل اسد افراد عام لوگوں کے معاملے میں بہت بلند سوچ کے مالک ہوتے ہیں اور یہی صورت حال محبت کے میدان میں بھی ہوتی ہے۔ برج اسد کے ساتھ دوسرے عناصر اور بروج کا امتزاج اسدی افراد کی شخصیت اور کردار میں کوئی مثبت یا منفی تبدیلی لا سکتا ہے لیکن اس کا اندازہ کسی کے انفرادی زائچے سے ہی کیا جا سکتا ہے۔

برج قوس کا انداز محبت

آتشی تکون کا تیسرا اور دائرہ بروج کا نواں برج قوس ہے جس کا حاکم سیارہ مشتری ہے۔ قوس اپنی ماہیت میں ذوجسدین (Common Sign) اور فطرت میں مذکر ہے۔ چونکہ یہ فطری زائچے کا نواں برج ہے لہٰذا اس کا تعلق مذہب، آئین و قانون، فلسفہ اور بیرونی سرگرمیوں سے ہے۔ یہ لوگ کسی ایک جگہ ٹک کر بیٹھنے والے نہیں ہوتے۔ کہا جاتا ہے کہ ان کے پیروں میں کھجلی ہوتی رہتی ہے چنانچہ سیر و سیاحت، اسپورٹس اور ایڈونچر انہیں ہمیشہ اپنی طرف متوجہ رکھتے ہیں۔ محبت کے معاملات میں بھی قوسی افراد اپنا مخصوص فلسفیانہ نظریہ رکھتے ہیں اور اس نظریے کی تشریح بھی یہ خود ہی کر سکتے ہیں۔ ضروری نہیں ہے کہ آپ کو اس تشریح سے اتفاق ہو۔ ایک پرانی کہاوت ہے کہ مرد عورت کا اس وقت تک تعاقب کرتا ہے جب تک عورت اس کو پکڑ نہیں لیتی۔ قوس افراد کو تعاقب کی سنسنی بہت پسند ہے تاہم کبھی کبھی وہ بے خیالی میں کچھ اس طرح کسی تعلق کے اسیر ہو جاتے ہیں جیسے کوئی شکاری خود اپنے ہی لگائے ہوئے جال میں پھنس جائے۔ قوس افراد کے اندر ایک بامعنی ربط کی خواہش موجزن رہتی ہے لیکن بہر حال صورت حال کچھ بھی ہو قوس افراد محبت کے معاملے میں بھی عامیانہ پن سے گریز کرتے ہیں۔ ان کی فطری مثالیت پسندی یا فلسفیانہ سوچ اپنے ساتھی یا محبوب میں کوئی نمایاں خوبی تلاش کرتی رہتی ہے۔ مشہور ہے کہ مہم جو، نڈر اور خطرات سے کھیلنے والے افراد خواتین کی توجہ کا مرکز جلد بن جاتے ہیں۔ قوس افراد (مرد و خواتین) بھی کچھ اسی قسم کے مہم جو ہوتے ہیں جو دوسروں کو اپنی طرف جلد متوجہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان میں سے کچھ فلرٹ کرنے والے بے پروا بھی ہو سکتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ قوس افراد کسی ایسے شو کے میزبان ہوتے ہیں جو ایک ہجوم کی توجہ اپنی جانب کھینچ لیتا ہے۔ قوس مرد و خواتین بہت جلد اپنے چاہنے والوں کا ایک بڑا حلقہ پیدا کر لیتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ دائرہ بروج کے تمام برجوں میں سب سے زیادہ بے فکرے اور اکثر غیر شادی شدہ قوس افراد ہی ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کو شادی کے بندھن میں بندھنے کی کوئی جلدی نہیں ہوتی۔ شاید اسی وجہ سے ان کے معاشقے خاصا طول کھینچتے ہیں اور شادیاں خاصی پختہ عمر میں ہوتی ہیں بلکہ کم عمری میں ہونے والی شادیوں کی ناکامی کا خطرہ رہتا ہے۔ قوس افراد محبت کے روایتی نظریات اور فلسفے پر ذرا کم ہی پورا اترتے ہیں۔ وہ اکثر ایک تعلق سے دوسرے تعلق کی طرف بھاگتے نظر آتے ہیں۔ ابتدا میں وہ بڑے پُر جوش اور سرگرم ہوتے ہیں لیکن برج دلو کی طرح جب شادی کے بندھن میں بندھنے کا مرحلہ قریب ہوتو یہ لوگ بوکھلا اٹھتے ہیں۔ سچی بات یہ ہے کہ قوس افراد دل کی گہرائیوں میں جھانکنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ یہ دل کھول کر محبت کرتے ہیں لہٰذا ان سے کھلے دل کے ساتھ ملنا جلنا بہتر رہتا ہے۔ وہ دوسروں کی خوشیوں میں شریک ہو کر لطف اندوز ہوتے ہیں اور کسی بڑے گروپ کا حصہ بن کر انہیں مسرت ہوتی ہے البتہ کسی سے گہرا تعلق قائم کرنے میں انہیں کچھ دقت کا سامنا ہوتا ہے۔ تنہائی میں یہ بے چینی اور اضطراب کا مظاہرہ کرتے ہیں مگر یہ جسم اور روح دونوں کو اپنی محبت میں شامل کرنے والے ہوتے ہیں۔ چنانچہ ایسی ہی محبت کی تلاش انہیں ایک تعلق سے دوسرے تعلق تک لے جاتی ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ ہر بار وہ یہی سمجھتے ہیں کہ جس جنت کی انہیں تلاش تھی وہ انہیں مل گئی ہے مگر جب کچھ وقت گزرتا ہے تو یہ خود کو پھنسا ہوا محسوس کرتے ہیں۔ انہیں اپنی آزادیاں ضبط ہوتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں اور اپنا ساتھی ایک

بوجھ نظر آنے لگتا ہے چنانچہ پھر نئے امکانات کی طلب انہیں بے چین کرنے لگتی ہے۔ یہ وہ وجوہات ہیں جو انہیں کہیں رکنے کا موقع نہیں دیتیں۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ قوس کو برج دلو کی طرح آزادی درکار ہوتی ہے لہذا انہیں قید و بند کا احساس نہ دلایا جائے اس صورت میں بے شک یہ لوگ محبت میں وفادار ثابت ہو سکتے ہیں۔ قوس عورت محبت کے معاملے میں تھوڑی سی قوس مرد سے مختلف ہوتی ہے۔ وہ اسی صورت میں ساتھی بدلتی ہے جب وہ مطمئن اور آسودہ نہ ہو، اس کے بنیادی نظریات کو نہ چھیڑا جائے۔ تعلقات میں سچائی اور ایمانداری اس کے بنیادی نظریات میں شامل ہیں۔ باقی معاملات میں وہ مکمل قوسی صفات کی حامل ہوتی ہیں۔ اسپورٹس اور مہم جوئی کے شعبوں میں اکثر قوس خواتین نمایاں نظر آتی ہیں۔ محبت کے معاملات میں بھی ان کا رویہ بہت زیادہ اور بہت جلدی سنجیدہ نہیں ہوتا۔ شادی کی انہیں بھی کوئی جلدی نہیں ہوتی۔ قوس مرد خواتین کو اپنا آئیڈیل ڈھونڈنے میں کوئی دشواری نہیں ہوتی لیکن اس تعلق کو مضبوط اور پائیدار بنانا ان کے لیے ایک مشکل کام ہوتا ہے۔

قوس ہیرو دلیپ کمار

برصغیر کے شہرہ آفاق اداکار یوسف خان المعروف دلیپ کمار کا شمسی برج قوس ہے۔ اگر ہم ان کے معاشقوں پر نظر ڈالیں تو قوسی رنگ ڈھنگ صاف نظر آتا ہے۔ اپنے کریئر کی ابتدا ہی میں وہ اداکارہ کامنی کوشل کے عشق میں دیوانے ہو گئے اور جب اس نے اپنے بہنوئی سے بحالت مجبوری شادی کر لی تو دلیپ صاحب نے خود کو غرق مے ناب کر لیا۔ یہ صدمہ ان کے لیے ناقابل برداشت تھا۔ اس کے بعد ان کا طوفانی عشق اداکارہ مدھوبالا سے شروع ہوا جس کا انجام بھی مدھوبالا کے لیے خاصا اذیت ناک رہا البتہ دلیپ صاحب بلا تکلف فوراً ہی اداکارہ وجنتی مالا کی زلف گرہ گیر کے اسیر بن گئے۔ اس کے بعد اداکارہ سائرہ بانو ان کی زندگی میں ایک چیلنج بن کر آئیں اور بالآخر ان کی شریک حیات بن گئیں مگر سائرہ بانو کی موجودگی ہی میں انہوں نے ایک اور شادی خفیہ طور پر کی جسے بعد میں طلاق دینا پڑی۔ ان کے ہم عصر اداکار اور ہدایت کار راج کپور کا شمسی برج بھی قوس ہے۔ راج کپور کے باپ پرتھوی راج کپور چونکہ خود فلمی دنیا کے کھلاڑی تھے لہذا بیٹے کی شادی کم عمری میں ہی کر دی تھی مگر اس کے بعد بھی راج کپور کی زندگی میں خواتین کی آمد کا سلسلہ نہیں رک سکا۔ قصہ مختصر یہ کہ برج قوس کو رومان پسند تو کہا جا سکتا ہے لیکن محبت کے تعلقات کی اعلیٰ روایات کا حامل نہیں سمجھا جا سکتا۔

اگست 2019ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

2	5
4	7

تاریخ: 01-08-2019
دن: جمعرات
شہر: کوئٹہ/ راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/25,000/7,500

5	9
2	8

تاریخ: 15-08-2019
دن: جمعرات
شہر: پشاور/ حیدر آباد
مالیت بانڈ: -/100/1500

اگست 2019ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	09 اگست	10 بجکر 00 منٹ سے لے کر 10 بجکر 50 منٹ تک
2	14 اگست	13 بجکر 00 منٹ سے لے کر 14 بجکر 00 منٹ تک
3	18 اگست	16 بجکر 10 منٹ سے لے کر 16 بجکر 20 منٹ تک
4	24 اگست	18 بجکر 30 منٹ سے لے کر 19 بجکر 00 منٹ تک
5	29 اگست	09 بجکر 10 منٹ سے لے کر 09 بجکر 40 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0		01		03		05		07		09	035	097
1	10		12		14		16		18		142	168
2				23	24	25		27	28	29	243	298
3			32			35			38	39	352	398
4			42			45		47	48		452	478
5			52	53	54				58	59	542	598
6	60	61				65		67			651	670
7			72		74	75			78		724	758
8			82	83	84	85		87			832	875
9			92	93		95			98		923	985

تاریخ: 01-08-2019
دن: جمعرات
شہر: کوئٹہ/ راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/25,000/7,500

24	52	84	48
57	27	58	78

تاریخ: 15-08-2019
دن: جمعرات
شہر: پشاور/ حیدر آباد
مالیت بانڈ: -/100/1500

23	25	92	58
32	38	95	89

	2	
4	8	5
	7	

	5	
2	8	9
	3	

تاریخ: 01-08-2019
دن: جمعرات
شہر: کوئٹہ/ راولپنڈی
مالیت بانڈ:-/25,000/7,500

439710	
43	97
09	19

تاریخ: 15-08-2019
دن: جمعرات
شہر: پشاور/ حیدر آباد
مالیت بانڈ:-/100/1500

590174	
59	01
74	45

		F-S
اوپن F	3-5-2-0-4	8544
کلوزF	5-6-0-8-7	0856
سینٹرF	3-5-2	1525
چوتھا فگرF	8-9-5	3990
تعلق آکڑہF	4-5-0	6173
بند اوپنF	0-1-6	
سیکنڈ اوپنF	8-6-2	

		F-S
اوپن F	7-6-3-4-9	2158
کلوزF	8-1-9-2-6	6136
سینٹرF	1-6-2	3044
چوتھا فگرF	1-3-5	5427
تعلق آکڑہF	4-7-6	4319
بند اوپنF	8-5-7	
سیکنڈ اوپنF	8-1	

کوئٹہ	مالیت بانڈ:-/25,000/7,500	تاریخ: 01-08-2019				
92	71	60	45	12	09	(بونس) 8962

حیدر آباد	مالیت بانڈ:-/100/1500	تاریخ: 15-08-2019				
80	78	52	41	39	18	(بونس) 6942

کوئٹہ — تاریخ: 01-08-2019 — مالیت بانڈ:-/25,000/7,500

192/629 =926
560/921 =569

حیدر آباد — تاریخ: 15-08-2019 — مالیت بانڈ:-/100/1500

214/620 =261
694/728 =978

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

آپکا ماہِ اگست 2019ء کیسا رہے گا؟

astrology August

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیْ یَا کَافِیْ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَلْ وَالزُّھْرَہ وَالْعَطَارِدْ وَالْمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنْب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعاگو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے۔ اگر **2** باقی بچے تو ثور۔ **3** بچے تو جوزا۔ **4** بچے تو سرطان۔ **5** بچے اسد۔ **6** بچے تو سنبلہ۔ **7** بچے تو میزان۔ **8** بچے تو عقرب۔ **9** بچے تو قوس۔ **10** بچے تو جدی۔ **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظرانداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری										
	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
	20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
		ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	
		300	400	500	600	700	800	900	1000	

ARIES

21Marc
20April
حمل

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ 2 تا 31 جولائی پانچویں رہتے ہوئے عشق ومحبت کے اُمور حساس اوراُن میں خاص توجہ رکھے جبکہ صاحب اولاد افراد بھی اس ماہ اولاد کے روز وشب پر خاص نگاہ رکھیں جبکہ آرٹ اورفن سے متعلق افراد بھی خاص توجہ کے حامل ہوں۔ 2 جولائی چوتھے شمس گرہن ہونے سے زمین جائیداد پراپرٹی کے اُمور میں خاص احتیاط، سواری کی خریداری مناسب نہ ہوگی جبکہ خانگی ماحول میں تناؤ۔ صدقات دیں۔ 10,9 جولائی مریخ عطارد قران کے باعث فرض شناسی اور کام میں بہتری جبکہ مسائل کا مثبت حل اور تکنیکی مسائل کا بھی حل راحت بخشے۔ 12,11 جولائی مریخ یوران تربیع کے باعث حادثاتی صورتحال کا سامنا، پریشان ہونے کے بجائے ہمت وحوصلہ سے کام لیں اور مخلص احباب سے مشاورت یقینی رکھیں۔ 17,16 جولائی درمیانی شب چاند گرہن دسویں ہونے سے کیریئر، کاروبار، ملازمتی اُمور خاصے احتیاط کے حامل اور ایسا کوئی کام نہ کریں جس سے آپ کی عزت میں کمی ہو۔ احتیاط برتیں 26,25 جولائی مریخ مشتری تثلیث سے خوداعتمادی میں اضافہ۔ خاص مقاصد کا حصول اور عہد و پیماں کی فضاء قائم ہو۔ دوران گرہن دو رکعت نفل نماز کسوف (سورج) اور خسوف (چاند) ضرور ادا کریں تاکہ نحس اثرات سے بچا جا سکے۔

پہلا ہفتہ سیر وسیاحت کا پروگرام خوشگوار گزرے گا۔ مقاصد میں کامیابی ہو سکے گی۔ کاروبار وسعت اختیار کر سکے گا اور آمدنی میں خاطر خواہ فائدہ کا امکان ہے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ نکل سکتے ہیں۔ بیرون ملک سفر میں ابھی کچھ تاخیر ہے۔ حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے اہم کام کر سکتے ہیں۔ مقاصد میں کامیاب ہو سکیں گے۔ حصول رزق کیلئے کوشاں افراد کو بہتر ذریعہ معاش مل سکے گا۔

دوسرا ہفتہ: شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ بہن بھائیوں کا تعاون رہے گا۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طور پر چل سکیں گے اور عزیزوں کی قربت حاصل رہے گی۔ صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ مقاصد کے حصول کیلئے جدوجہد کر سکیں گے۔ سفر کے دوران محتاط رہیں' حادثات کا اندیشہ ہے۔

تیسرا ہفتہ: محبت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے چل سکیں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کیساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ جس سے کافی مسائل خود بخود حل ہو سکیں گے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ مقاصد میں کامیابی ہو سکے گی۔ معاملات میں مثبت تبدیلی لا سکیں گے۔ خانگی وخاندانی مسائل کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔ دوسروں کو اپنے نقطہ نظر پر متفق کر سکیں گے۔ بہتر اور مثبت نتائج حاصل ہو سکیں گے۔

چوتھا ہفتہ: مالی مسائل کا بھی خاتمہ ہوگا اور شراکتی کاموں کو فروغ ملے گا۔ روحانیت کے شوق میں اضافہ ہو سکے گا۔ قانونی معاملات میں نظر ثانی کرنا بہتر رہیگا۔ حاسدین زیر ہو سکیں گے۔ دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا جس کے باعث طبیعت خوشگوار رہے گی۔ تخلیقی صلاحیتوں میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہوگا۔ مالی پوزیشن مستحکم ہو سکے گی۔ عشق ومحبت سے متعلقہ امور خوشگوار رہیں گے۔

سعد تواریخ: 28,25,23,16,8 اگست **نحس تواریخ**: 26,22,18,11,9,4 اگست

TAURUS

21April
21May
ثور

ستارہ: زہرہ
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپ کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء ماہ خانہ مال میں ہونے سے مالی فوائد دلائے جبکہ 4 تا 28 جولائی تیسرے رہتے ہوئے سفر وسیلہ ظفر، تجدید مراسم کیلئے متعدد سفر اور سیر وسیاحت کا پروگرام بھی مل سکے۔ عزیز واقارب بہن بھائی تعاون کریں۔ 2 جولائی تیسرے سورج گرہن سفر اشد ضرورت کے تحت کریں اور صدقہ دے کر کریں۔ 8,9 جولائی زہرہ یورانس تسدیس سے ذہنی صلاحیت نکھرے اور منفرد خیالات کا اظہار ہو سکے۔ 17,16 جولائی درمیانی شب نویں چاند گرہن ہونے سے بیرونِ ملک سفر اور اُمور میں تاخیر اور طلبہ کی پڑھائی متاثر ہونے کا اندیشہ۔ صدقات دیں 18,17 جولائی زہرہ زحل مقابلہ کے باعث دوسروں سے تعلقات میں کشیدگی، سیاسی وسماجی مسائل کا سامنا، 19,18 جولائی زہرہ نیپچون تثلیث کے باعث عشق ومحبت کے اُمور حساس لیکن راحت بخشیں۔ خواہشات جنم لے سکیں۔ مثبت ومستحکم فیصلے کرنے کی قابلیت۔ 22,21 جولائی زہرہ پلوٹو مقابلہ کے باعث حاسدین اور جنسِ مخالف کے افراد سے محتاط رہیں۔ پریشانی کا اندیشہ 26,25 جولائی زہرہ عطارد قران کے باعث حالات میں غلط فہمیوں کا ازالہ ممکن ہو اور معاملات میں مثبت تبدیلیاں آ سکیں۔ دوران گرہن دو رکعت نفل نماز کسوف (سورج) اور خسوف (چاند) ضرور ادا کریں تاکہ نحس اثرات سے بچا جا سکے۔

پہلا ہفتہ: نصیب یاوری کرنے سے بہت سے پیچیدہ مسائل کا خاتمہ ہوگا اور پریشانی میں کمی آئے گی۔ رشتے دار مددگار رہیں گے۔ کیریئر سے متعلقہ معاملات بہتر رہیں گے۔ جلد بازی سے گریز کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ جنس مخالف کا کوئی فرد خاص توجہ کا مرکز رہے گا۔ سیاسی وسماجی امور بہتر رہیں گے۔ دوستی وسخاوت میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہو سکے گا۔ تقریب کا اہتمام کر سکتے ہیں اور کاروباری امور وسعت اختیار کر سکتے ہیں۔

دوسرا ہفتہ: ملازم پیشہ افراد کو مالی مسائل پیش آ سکتے ہیں۔ جس کے باعث وہ ڈپریشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اس ہفتے گھریلو معاملات خاص توجہ کے مستحق ہونگے۔ دوست مددگار رہیں گے۔ لمبے عرصے کیلئے سرمایہ کاری کرتے وقت اچھی طرح تسلی کریں تاکہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ کام میں خوبصورتی کو سراہا جائے گا۔ اہم کاروباری معاہدے طے ہو سکتے ہیں۔ مسائل کے حل میں بیرونی مدد ملے گی۔ غلط فہمیاں دور ہونے سے بھروسے میں اضافہ ممکن ہوگا۔

تیسرا ہفتہ: اس ہفتے لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے لہٰذا اپنے غصے پر قابو رکھئے۔ اس ہفتے زیادہ تر توجہ محبت سے متعلقہ معاملات پر رہے گی۔ بہت سے پیچیدہ مسائل حل ہونگے اور مالی پوزیشن میں بہتری کے امکان ہونگے۔ دوست نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ لہٰذا محتاط رہیں۔ کام میں خامیاں ہونے کے باعث مسائل میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ دوسروں کی مدد سے کام میں بہتری آ سکے گی۔

چوتھا ہفتہ: صحت متاثر ہو سکتی ہے لہٰذا محتاط رہیں۔ معاملات محبت مزید بہتر ہونے سے آپ خود کو فریش محسوس کریں گے۔ قسمت کا ساتھ رہے گا۔ روحانیت کے شوق میں بتدریج اضافہ ہو سکے گا۔ خواہشات پوری ہو سکیں گی۔ غلط فہمیاں دور ہو سکیں گی۔ عزیز واقارب پریشانی کا باعث ہو سکتے ہیں۔ شراکتی کام فائدہ مند رہیں گے۔ معاملات خوشگوار رہیں گے۔

سعد تواریخ: 27,25,21,18,11,8,6,2 اگست **نحس تواریخ**: 24,17,16,3 اگست

Gemini

جوزا

22May
21June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air

RulingPlanet: Mercury

Symbol: The Twins

YourStone: Aquamarine

LifePursuit: To Explore a little bit of everything.

SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا 19 جولائی تیسرے رہتے ہوئے عزیز واقارب بہن بھائیوں سے متعلقہ اُمور خاص اہمت کے حامل رہیں جبکہ رجعتِ عطارد کے زمانہ میں 8 جولائی تا 31 جولائی بات چیت میں مثبت پہلو اُجاگر رکھیں اور سفر بلاضرورت کرنے سے گریز جبکہ سفر سے پہلے صدقہ ضرور دیں۔ 20 تا 31 جولائی عطارد خانہ مال میں باعثِ رجعت آجانے سے آمدن کے وسائل میں مسائل اور مالی لین دین میں خاص احتیاط کریں۔ 2 جولائی خانہ مال میں شمسی گرہن مالی لین دین اور انوسٹمنٹ پلان پر جلد بازی نہ کریں اور پہلے سے جاری کاموں میں پلاننگ کریں۔ 10,9 جولائی عطارد مریخ قران سے تکنیکی مہارت آنے سے کام میں مثبت پہلو اُجاگر ہوں۔ 17,16 جولائی درمیانی شب چاند گرہن آٹھویں لگنے سے وراثتی وانشورنس کے اُمور میں غیر یقینی بہتری آسکے۔ 22,21 جولائی عطارد شمس قران کے باعث قوت فیصلہ مضبوط، سفر وسیلہ ظفر اور عزت کا باعث بنے۔ اندازِ گفتگو متاثر کن۔ 26,25 جولائی عطارد زہرہ قران سے حالات میں مثبت تبدیلیاں اُجاگر ہوں۔ غلط فہمیوں کا ازالہ اور اہم معاہدے طے پاسکیں۔ دوران گرہن دو رکعت نفل نماز کسوف (سورج) اور خسوف (چاند) ضرور ادا کریں تاکہ نحس اثرات سے بچا جاسکے۔

پہلا ھفتہ: ملازم پیشہ افراد کیلئے یہ ہفتہ خاص اہمیت کا حامل ہوگا۔ سیر وسیاحت کا پروگرام بنا سکیں گے، بہت سے کام خود بخود سُدھر جائینگے۔ آپکی سحر انگیز گفتگو دوسروں پر اثر انداز ہوگی جس سے آپکی اہمیت میں اضافہ ہو سکے گا۔ بہتر اور مستحکم فیصلے کر سکیں گے۔ معاملات پر اچھی طرح غور کرنے کے بعد دوسروں کی مشاورت سے بہتر فیصلے کرسکیں گے۔ جس سے مسائل کا خاتمہ ہوسکے گا۔ سوچ مثبت رہے گی۔

دوسرا ھفتہ: محبت سے متعلقہ معاملات بہتر رہیں گے اور سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ زنکل سکتے ہیں۔ ہمسائے تعاون کریں گے۔ جذبات وغصے پر قابو پانے کی کوشش کیجئے ورنہ نقصان دہ ثابت ہوگا۔ اہم کاروباری معاہدے طے ہوسکیں گے۔ درپیش مسائل اور غلط فہمیاں دور ہوسکیں گی۔ عزیز واقارب کے تعاون سے خانگی وخاندانی مسائل کا کافی حد تک خاتمہ ممکن ہوسکے گا۔

تیسرا ھفتہ: خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ صحت متاثر ہوسکتی ہے۔ لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ نامکمل کام بخوبی انجام کو پہنچے گا۔ جس سے ڈپریشن میں کمی آئے گی۔ شخصیت میں نکھار کے ساتھ سچ میں بھی پختگی آئے گی جو کہ فائدہ مند ہوگی۔ سوچ مثبت رہے گی جس سے خواہ مخواہ کے درپیش مسائل کا خاتمہ ممکن ہوسکے گا۔

چوتھا ھفتہ: بحث وتکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے جس سے مسائل اور پریشانی میں اضافے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا ازدواجی زندگی مسائل کا شکار ہوسکتی ہے۔ دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا۔ شراکتی امور بہتر رہیں گے۔ معاملات خوشگوار رہیں گے۔ گھریلو تزئین وآرائش میں دلچسپی رہے گی۔ ذہن منتشر رہے گا، رویہ تلخ ہوسکتا ہے۔

سعد تواریخ: 31,27,22,21,13 اگست

نحس تواریخ: 24,17,10,3 اگست

Cancer

سرطان

22June
23July

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درنجف، سفید مرجان

Element: Water

RulingPlanet: The Moon

Symbol: The Crab

YourStone: Moonstone

LifePursuit: Constant reassurance and intimacy.

SecretDesire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

